جناب چیئرمین: اچھا! وہ ہاؤس میں آ رہے ہیں۔ٹھیک ہے۔ اب ہم points of orderلے لیتے ہیں۔ میرے پاس سب کے نام آ چکے ہیں۔

سینیٹر کلثوم پروین : جناب والا! زیادہ تر وقت آپ ایک ہی پارٹی کے اراکین کو دے رہے ہیں۔ حاجی عدیل صاحب اور دوسرے معزز رکن ایک ہی پارٹی کے ہیں۔ ہمارا بھی حق ہے کہ ہمیں بھی وقت ملے۔ ہماری بھی ایک پارٹی ہے۔ دونوں ممبران باری باری کھڑے ہو جا تے ہیں۔ ٹھیک ہے کہ ان کا سوال ہے لیکن حاجی عدیل صاحب بھی اتنا ہی وقت لے لیتے ہیں جتنا وہ لیتے ہیں۔ اس لیے ہمیں بھی اتنا ہی وقت دیا جائے۔

جناب چیئرمین: یہ سوالات تو ویسے بھی آگے چلے گئے ہیں۔

سینیٹر کلثوم پروین : جناب والا! ہمیں بھی اتنا ہی وقت دیا جائے جتنا انہیں دیا جاتا ہے کیونکہ ہمارے بھی اس پر ضمنی سوالات تھے۔ آپ نے ایک ہی پارٹی کو سارا وقت دے دیا ہے۔

جناب چیئرمین: اصل میں آپ کا ہاتھ میں نے نہیں دیکھا۔

سینیٹر کلثوم پروین : جناب والا! یہ ناانصافی ہے کہ آپ ہمیں وقت نہیں دیتے ہیں۔ ہماری پارٹی کا بھی ایک موقف ہے اور ہم بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: میڈم ! انہوں نے ہاتھ کھڑا کیا تھا ---

سینیٹر کلثوم پروین: جناب والا! میں نے اپنا ہاتھ مسلسل کھڑا کیا ہوا تھا۔

جناب چیئرمین: میں نے دیکھا نہیں ہے۔

سینیٹر کلثوم پروین: جناب والا! میں نے مسلسل ہاتھ کھڑا کیا ہوا تھا۔آپ نے ایک دفعہ بھی میری بات نہیں سنی۔

1. *Senator Abbas Khan: Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) whether any mechanism has been devised to assess civilian casualties and damages to properties in PATA operation, if so, its details; and

(b) whether any compensation has been paid for those casualties / property damages, if not, its reasons?

Reply not received.

5. ***Senator Afia Zia:** Will the Minister for Narcotics Control be pleased to state:

(a) whether any public awareness campaign has been launched against the use of narcotics in the country, if so, its details and out come; and

(b) the steps taken by the Government to control sale of narcotics in the country?

Nawabzada Khawaja Muhammad Khan Hoti: The reply is being processed and will be placed before the House on the next Rota Day.

8. ***Senator Dr. Khalid Mehmood Soomro:** Will the Minister for Narcotics Control be pleased to state:

(a) the names, designation and place of domicile of officers in BS-17 and above working in the Ministry, its attached departments, corporations and subordinate offices; and

(b) the number of posts lying vacant in the above organizations in BS-17 and above, with grade-wise and province-wise break up?

Nawabzada Khawaja Muhammad Khan Hoti: (a) The reply is being processed and will be placed before the House on the next Rota Day.

19. ***Senator Prof. Khurshid Ahmed:** Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) the number of cases in Pakistan in which a foreign investigation/ intelligence agency was allowed or invited to involve since year 2000; and

(b) the details of each case and mandate of foreign agency as well as reasons for allowing or inviting any such involvement?

Reply not received.

20. ***Senator Prof. Khurshid Ahmed:** Will the Minister for Railways be pleased to state:

(a) the total land of Pakistan Railway's illegally occupied by various persons/institutions indicating also the names of illegal occupants with measurement of land so occupied; and

(b) the steps taken by the Government to vacate the said land?

Reply not received.

"UN-STARRED QUESTION AND ITS REPLY"

1. **Prof. Khurshid Ahmed**: Will the Minister for Railways be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Mr. Muhammad Nadeem & Co. were given a contract for lifting of contract material etc. on Khanpur Chacharan Section of Sukkur Division:

(b) whether it is also a ,fact that Mr. Nadeem and other employees of the Company were reportedly involved in the stealing of scrap material from the said area and as such the said contract was cancelled;

(c) whether it is also a fact that FIR. 18/2000 dated 27-01-2000 under section 379-PPC was lodged against the aforementioned Company and Mr. Nadeem and others were arrested; and

(d) whether it is further a fact that contract of company has been restored, if so, why and under what conditions?

Haji Ghulam Ahmad Bilour: (a) It is a fact that M/s. Muhammad Nadeem and Co. were awarded the contract on 06-04-1999 for lifting of contract material etc. on Khanpur-Chacharan section of Sukkur Division, being the highest bidder.

(b) When the contractor dismantled and lifted 4 KMs of track a ban on the sale of Railway scrap was imposed. However, the contractor dismantled and tried to lift another 2 Kms of track for which a FIR was lodged against him. In retaliation he filed a suit against Railways in Civil Court, Lahore.

(c) FIR No.18/2000 dated 31-12-1999 was registered at Zahir Pir Police Station by PWI Khanpur against M/s. Muhammad Nadeem etc. for lifting

of 2 KM length of track material without depositing the cost. The case was entrusted to DPO Rahim Yar Khan for further proceeding.

(d) The matter was subjudice in the court of law since 2001 and fresh tendering was not possible in face of court's injunction. Railway track material was also being pilfered by thieves and criminal, therefore it was through judictious to allow the existing contractor to lift the remaining material which could benefit. Railway financially. The case was revived again so that remaining material could be disposed off which was being stolen.

The concerned authorities have been asked to safeguard Railways interest in every respect to the maximum advantage of Railways before restoration of the sale order.

Mr. Chairman: Let us start with the points of order. Raza Rabbani Sahib will raise first point of order.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: باقی ممبران کے points of order لیں گے۔ آپ کا نام بھی لکھ لیا ہے۔ ہمارے پاس بہت time ہے ۔ انشاء اللہ ہم ہر ایک کا point of order لیں گے ۔ شیرانی صاحب! آپ کا نام بھی لکھ لیا ہے۔

Point of Order

Energy Crisis in the Country

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین صاحب ! آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے یہ موقع دیا اور مجھے اس بات کا افسوس بھی ہے کہ غالباً یہ بات پچھلے سیشن میں بھی اٹھائی گئی تھی اور اب مجھے پھر یہ بات اس floor of the House پرا ٹھانا پڑ رہی ہے۔ یہ بات درست ہے کہ جو موجودہ energy crisis ہے ، اس کی ذمہ داری کھلم کھلا شوکت عزیز کی حکومت اور اس وقت کے آمر جنرل مشرف پر عائد ہوتی ہے لیکن جو آج صورت حال پورے ملک میں ہے اور بالخصوص جو صورت حال کراچی شہر میں ہے، وہ ایک direct consequence ہے اس ناقص privatization policy کا جو شوکت عزیز حکومت نے اپنائی جو شوکت عزیز کی حکومت نے بین الاقوامی مالیاتی سامراج کے کہنے پر ایک international agenda کو follow کرتے ہوئے اپنائی جس کا مقصد تھا کہ پاکستان کی economy کو cripple کر دیا جائے اور پاکستان کو ایک consumer economy, multinational کے لیے بنا دیا جائے ۔ جناب چیئرمین! آپ کو

یہ بات یاد ہوگی   جو ہم نے اس side of the floor کہی تھی جب KESC کو privatize کیا جا رہا تھا ۔

(اس موقع پر سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی اور دیگر اراکین ایوان میں واپس تشریف لے آئے)

سینیٹر وسیم سجاد: جناب والا! میری گزارش ہے کہ اپوزیشن کا پہلے حق ہوتا ہے اور آپ نے یہ موقع رضا ربانی صاحب کو دے دیا ہے۔

جناب چیئرمین: کوئی بات نہیں ہے۔ ان کے بعد آپ کو موقع دے دیں گے۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب والا! پہلے اپوزیشن کا حق ہے کہ وہ بات کرے ، ایسا نہیں ہوتا ہے کہ پہلے گورنمنٹ بات کرے   اور گورنمنٹ کے اندر ہی گورنمنٹ کے خلاف points of order شروع ہو جائیں۔ اس لیے میں یہ کہوں گا کہ یہ حق اپوزیشن کو دیں ۔ ہمارے لوگوں کی بہت ساری شکایتیں ہیں۔ آپ تو اپنے ہی لوگوں کو اور اپنی ہی پارٹی کو points of order پر بات کرنے کا موقع دے رہے ہیں ۔

جناب چیئرمین: نہیں ، ایسے نہیں ہے۔

Senator Wasim Sajjad: He represents the Government and he should be given an opportunity later on.

جناب چیئرمین: دیکھیں! میرے پاس جو لسٹ آئی ہے ، اس میں رضا ربانی صاحب کا نام اوپر تھا۔

Senator Mian Raza Rabbani: I have all the respect for the honourable Leader of the Opposition. I am raising a matter of general concern. I am not standing up for defending the Government but I can understand why it is pinching the honourable Leader of the Opposition. I can well understand that.

(Desk thumping)

Senator Mian Raza Rabbani: But I would request him to have patience.

(Interruption)

Senator Wasim Sajjad: My question of concern is that, all I am saying is that please give the opposition, the first right to raise points of order. I have great respect for my learned friend. We all have respect for them but all I am saying is, the right he demanded for himself, as Leader of the Opposition, we are also demanding that for the Opposition.

جناب چیئرمین: ان کا نام پہلے آ گیا تھا، اس لیے میں نے رضا ربانی صاحب کو موقع دیا ہے۔ جی رضا صاحب، please continue. اس کے بعد وسیم صاحب آپ کا نمبر ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! میں عرض کر رہا تھا کہ اس وقت جب privatizationکی گئی تو یہ بات بڑی واضح تھی کہ پاکستان کی انڈسٹری کو crippleکرنا ہے اور اسے multinational کے لیے ایک منڈی بنانا ہے کیونکہ دنیا کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے - چاہے وہ ہندوستان ہو، چاہے وہ ملائیشیا ہو، کہیں بھی ہو، جہاں پر utilitiesکو privatizeکیا گیا ہے وہ experiment بری طرح سے فیل ہوا ہے - اس وقت ہمیں یہ بات کہی گئی کہ KESCکو privatise پرائیویٹ کیا جا رہا ہے اور KESCکو اس لیےprivatiseکیا جا رہا ہے کہ 361 million dollarجو ہیں وہ سسٹم کے اندر pump inہوں گے تاکہ کراچی میں KESC کا جو distribution systemہے، اسے بہتر بنایا جا سکے اور حکومت کے پاس یہ پیسے موجود نہیں ہیں لیکن ہم نے دیکھا کہ جو پرانے ownersتھے اور جو اس وقت کے نئے ownersہیں ، انہوں نے ایک ٹیڈی پائی بھی اس سسٹم میں investنہیں کی بلکہ جو پرانے owners تھے ، انہوں نے KESC کی management SIEMENSکو دی جس کا اس سے کوئی تعلق نہیں تھا لیکن چونکہ وہ ایک multinationalتھی، اس کے profitکو maximizeکرنا تھا لہذا انہوں نے اپنے ناقص generators اپنے ناقص electrical equipmentsجو KESCکے سسٹم میں fitبھی نہیں ہو رہے تھے ، انہوں نے اپنے profit maximize کئے اور آج KESCکا یہ حال ہوا۔ موجودہ لوگ، ابراج گروپ جو اس وقت KESC کیmanagementکو لئے ہوئے ہیں،

اس کو بھی اس لیے یہ ادارہ دیا گیا کہ وہ اس سسٹم میں پیسے ڈالیں گے لیکن انہوں نے ایک ٹیڈی پائی بھی نہیں ڈالی۔ حکومت نے ان کے اس امید پر 40 to 50 billion rupees write off کئے کہ they will improve the system. لیکن جناب چیئرمین! انہوں نے اس سسٹم کو improve نہیں کیا یہ سسٹم مزید deteriorate ہوا اور اس کے نتیجے میں 17جون کو آپ نے دیکھا کہ پہلا black out ہوا جس میں Karachi was 48 hours in darkness. اس کے بعد 21جولائی کو جو صورت حال رہی یعنی چار دن سے زائد بلکہ آج بھی اس کے after effects کراچی شہر میں محسوس کئے جا رہے ہیں۔ As a consequence of that Mr. Chairman, industries to the tune of almost 2500 units in Karachi have been shut down because of this. یہ اسی ایجنڈا کو پورا کرنے کا ایک طریقہ کار ہے ۔ میری آپ کے ذریعہ سے ایک بار پھر حکومت سے گزارش ہے ، demand ہے کہ آپ کے پاس قانون موجود ہے، NEPRA کا قانون بڑاواضح ہے اور NEPRA کا قانون اس طرح یہ بات کہتا ہے کہ اگر کوئی utility جس کے standards fix کئے گئے ہیں ، conditions meet کی گئی ہیں ۔ اگر وہ ان کو پورا کرتے ہوئے نظر نہ آئے تو نیپرا اس کو take over کر کے operator appoint کر سکتی ہے۔ لہذا میری یہ demand ہے کہ نیپرا کے قانون کو استعمال کرتے ہوئے KESC کی management کو take over کیا جائے اور اس کی جگہ ایک operator کو مقرر کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کی economy کو جو دھچکا لگا ہے، پاکستان کی economy کو جو stand still پر کراچی کی وجہ سے لایا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے exports بھی کم ہوئی ہے۔ میرا on the Floor of the House یہ مطالبہ ہے کہ شوکت عزیز کے خلاف ایک commission of inquiry بٹھایا جائے اور اس commission of inquiry میں یہ دیکھا جائے کہ KESC کو کس طرح privatize کیا گیا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ وسیم سجاد صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: باری باری۔

Senator Wasim Sajjad: Mr. Chairman! I am very grateful to you for allowing me this opportunity and I also wanted to bring to your notice and to the notice of the House…

Mr. Chairman: I want to tell all the Members they will get a chance and they just have patience

صبر کے ساتھ۔ ہر ایک کو میں موقع دوں گا۔ ہاتھ کھڑا کریں۔ نام لکھا دیجیے اگر آپ چاہیں۔

Senator Wasim Sajjad: It is my purpose and asking your permission to speak on a Point of Order to bring to the notice of this House, nation, government. The torture that the people of Pakistan are going through because of excessive load shedding in all the cities and rural areas of Pakistan. My friend Mr. Raza Rabbani has made reference to that in Karachi for the past few days people are going through hell, we have seen on the TV that the children, women and old people come out of the houses at 12:00 O'clock at night, they sit on the road side, they go to parks because there is no electricity in the city of Karachi. The same story is being repeated in Lahore, for hours there is no electricity, electricity comes for one hour and go away for four hours. The same story is being repeated in Multan, Quetta, Sialkot and all over the country. There is load shedding which is unplanned, which is uncoordinated, which is excessive, which is unjust and which is contrary to the assurances which we have been given time and again that we will bring this load shedding to an end. As rightly pointed out this load shedding is affecting the lives of the people of Pakistan. Sir, imagine people have to take exams, students have to study, how will they study when there is no electricity in the country? Industries being affected to the extent that the industries are closed. You are facing competition from China, you are facing competition from India, you are facing competition from Bangladesh. How will you compete? One when your electricity is excessively expensive, when your interest rate are far above, the interest rates in the other countries in the region and when there is no electricity for 18 hours a day. People have to pay their labour, they have fix costs, they have to maintain

their machinery, they can't run their machinery, they can't run their factory. How do you expect Pakistan's economy to improve. Same is true for agriculture. Sir, unfortunately, the focus of the media, the focus of our newspapers is not on the agricultural in the rural areas. It is not on the TV screen, but do you know Sir, what torture, what hell, what difficulties the rural people are going through? Sir, we have no electricity for 18 hours, there is no electricity for 24 hours in the rural areas. Tube wells run on electricity, when there is no electricity there is not water in many areas. In Karachi you have seen this, in Lahore we have this problem, we have this problem all over and what is most surprising the fact of the matter is that even today there is installed capacity of 19000 MW in the country and when the government decides that there will be no load shedding then they can make its announcement

کہ اس دفعہ رمضان میں لوڈشیڈنگ نہیں ہو گی۔ اس وقت بجلی کہاں سے آ جاتی ہے؟ میں بتاتا ہوں کہاں سے آتی ہے۔ جناب! ایک مسئلہ یہ ہے کہ یہ قرضے ادا نہیں کر رہے۔ جس کو ہم کہتے ہیں circular debt وہ ادا نہیں ہو رہا۔ جب آپ IPPs کو پیسے نہیں دیں گے، ان کے پاس تیل کے پیسے نہیں ہوں گے، فرنس آئل کے پیسے نہیں ہوں گے تو وہ کیسے پیدا کریں گے۔ جناب والا! ہمیں بار بار کہا جا رہا ہے کہ دسمبر تک آ جائے گا۔ دسمبر تک آپ کرائے پر لے رہے ہیں۔ کرائے پر جو لے رہے ہیں اس کی cost زیادہ ہے۔ آپ ان کے قرضے ادا کریں تاکہ کم از کم جو بجلی پاکستان میں ہے، اس کوپورا کیا جائے۔ دوسری طرف توجہ دی جائے۔ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ جناب آپ کو توجہ دینی پڑے گی، پاکستان میں ڈیمز بنانے پڑیں گے اور آتے ہی یہ اعلان کر دیا کہ جی ہم نے کالا باغ ڈیم بند کر دیا، یہ غیردانشمندانہ فیصلہ ہے۔ پاکستان کو ڈیمز کی ضرورت ہے۔ storage کی ضرورت ہے۔ بجلی کی ضرورت ہے۔ ان چیزوں کو غیر سنجیدہ طریقے سے نہیں لینا چاہیے۔ آپ اپنا نقطہ نظر رکھیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ ۔ اچھا آپ اسے short کر لیں۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب والا! they have the right to express their point of view…

(مداخلت)

جناب چیئرمین: وسیم صاحب - ایک منٹ پلیز۔ وسیم صاحب آپ اپنے Point of Order کو short کر لیں۔ میں نے آپ کو کافی وقت دیا ہے۔

سینیٹر وسیم سجاد: جی میں ختم کرنے لگا ہوں - جناب والا! میں صرف ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ apart of what I have said اس وقت سب سے زیادہ ضرورت ہے کہ ہم نیوکلیئر پاور کی طرف جائیں۔ نیوکلیئر پاور سب سے سستی ہو گی اور آج کل جو pollution کا ایک مسئلہ کھڑا ہوا ہے، یہ سب سے clean energy ہے۔ اگر وہ انڈیا کو دے سکتے ہیں تو آج کل کے حالات میں، جب کہ پاکستان کا ایک leverage ہے، جب امریکہ کو ہماری ضرورت ہے، فرانس کو ہماری ضرورت ہے، برطانیہ کو ہماری ضرورت ہے، ہمیں چاہیے کہ ان کو کہیں کہ جناب ہمارے حالات دیکھیں۔ ہماری economy دیکھیں۔ ہمارے لوگ مر رہے ہیں۔ ہمارے لوگ تباہ ہورہے ہیں۔ ہمیں نیوکلیئر پاور پلانٹ کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے thank you وسیم صاحب - مشہدی صاحب آپ نے پوائنٹ آف آرڈر پر کوئی بات کرنی ہے؟ but be precise.

سینیٹر کرنل (ریٹائرڈ)سید طاہر حسین مشہدی: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ اب اس سے precise تو ہو نہیں سکتا کہ ڈیڑھ سال سے میں اس معزز ایوان میں کھڑا ہوتا ہوں اور warn کر رہا ہوں اور جو warning میں کر رہا تھا وہی ہوا۔ آپ کو یاد ہو گا کہ جب ہمارا بجٹ اجلاس ہو رہا تھا تو last speech میری تھی اور on my feet Sir, جب آپ نے prorogue کیا اس وقت میرے آخری الفاظ یہ تھے کہ کراچی جل جائے گا۔ فیصل آباد جل جائے گا۔ ملتان جل جائے گا۔ لاہور جل جائے گا۔ مجھے بے حد افسوس ہوا ہے کہ میری پیشنگوئی سچ نکلی۔ یہ اس لیے کہ اس power outrage کو صحیح طرح سے handle نہیں کیا جا رہا۔ سب سے پہلے تو یہ circular debt کی کسی کو سمجھ نہیں آ رہی - اگر ہم circular debt کے پیسے

IPPs کونہیں دے سکتے، جو کہ exists کرتی ہیں ہمارے پاسIPPs موجود ہیں اور all that needed is کہ ان کو پیسہ دیا جائے۔ وہ تیل خریدیں گے، وہ بجلی generate کریں گے اور بجلی in the system آ جائے گی۔ ہم جا رہے ہیں loans پر جو کہ اس سے ten times more costly ہو گا تو اگر ہم اس existing کو پیسہ نہیں دے سکتے تو جب ہمیں ten times more پیسہ دینا پڑے گا تو وہ ہم کہاں سے دیں گے۔ We are going to step from the frying pan into the fire یہ بھی میں آج warn کر رہا ہوں کہ میں نے جس پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہونا تھا I am very grateful to Mian Raza Rabbani he is true son of Karachi ہیں۔ انہوں نے بہت اچھی طرح اس کو بیان کیا ہے۔ اس لیے میں تھوڑا وقت لوں گا۔

جناب چیئرمین: مشہدی صاحب repeat نہ کیجیے۔

سینیٹر کرنل (ریٹائرڈ) سید طاہر حسین مشہدی: جناب والا! the curse of KESC ہمارے لوگوں کو جو دکھ دے رہی ہے ڈیڑھ سال سے، اس نے ہماری زندگی جو تباہ کی ہوئی ہے، یہ carpet bagger جو کہ صرف پیسہ کمانے کے لیے آئے ہیں اور لوٹنے کے لیے آئے ہیں اور کراچی کو تباہ کرنے کے لیے آئے ہیں اور یہ جو چار دن بجلی ان لوگوں کی وجہ سے بند رہی تونہ کوئی واٹر پمپ کام کر رہے تھے، نہ کوئی suction کام کر رہے تھے کیونکہ بجلی نہیں تھی تو جو torture پاکستان کی عوام کو دیا گیا، اس کا ہمیں سخت افسوس ہے اور ہمارا دل ان کے لیے بھی روتا ہے مگر کراچی کی عوام کے ساتھ جو ظلم ہوا ہے اور کے ای ایس سی کو جب تک deprivatize نہیں کیا جائے گا، جب تک ان لٹیروں، ڈاکوؤں، unprofessional, incompetent absolutely useless لوگوں سے کے ای ایس سی واپس نہیں لی جائے گی ۔کراچی کے عوام اور پاکستان کی economy affect ہو گی۔ ہماری mills 30% بند ہو گئی ہیں، ہمارا day today کاروبار بند ہے۔ ہمارے hospitals صحیح کام نہیں کر رہے۔ ہمارے سکول کے بچوں کو problem ہے۔ ہماری مائیں، بہنیں اور بزرگ اس گرمی میں تڑپ رہے ہیں Nero fiddle while Rome burned ادھر تو whole government is fiddling while Karachi is burning. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Tariq Azeem Sahib.

سینیٹر طارق عظیم خان: Thank you Mr. Chairman. یہ بھی electricity کے بارے میں ہے۔ دو چیزیں ہیں، ایک تو میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آجکل television کے سارے channels پر ایک advertisement چل رہی ہے۔ بڑی اچھی ad ہے، بڑی پیاری سی خوبصورت لڑکی آ کر کہتی ہے اور جناب ! میں repeat کرتا ہوں کہ گزشتہ چند سالوں میں power projects پر بالکل کام نہیں ہوا۔ عوامی حکومت نے انتظام سنبھالتے ہی 3500 mega watt کے power projects پر کام شروع کر دیا اور حکومت اس سال کے اختتام تکload shedding مکمل طور پر ختم کرنے میں کامیاب ہو جائے گی۔ This is actual text. اس کے علاوہ محمد خالد صاحب جو PEPCO کے DG ہیں، جن کی طرف سے یہ ads run کی جا رہی ہے کہ 3 power plants سے ہمیں600 mega watt بجلی ملے گی۔ Number 1, Orient, No. 2 Atlas, No. 3, Techno One.جناب والا! میں پوچھنا چاہوں گا کہ یہ جو تین محمد خالد صاحب کہہ رہے ہیں، یہ کب شروع کیے گئے اور یہ کب complete ہوئے؟ اس کے علاوہ آپ دیکھیں کہ half page کے ads PEPCO والے دے رہے ہیں۔ یہ بتایا جائے کہ یہ ساری جو ads run کر رہی ہیں، ٹیلی ویژن چینل پر ایک منٹ کیadvertisement کی cost کتنی ہوتی ہے؟ ایک گھنٹے میں چار مرتبہ ایک چینل پر چلائی جاتی ہے تو کتنے چینلز پر چلائی جا رہی ہے؟ اس پر کتنا پیسہ لگ رہا ہے؟ اس پر ہر روز کتنے کروڑ روپے لگ رہے ہیں؟ایک طرف تو کہا جاتا ہے کہ ہمارے پاس PEPCO کو دینے لیے پیسے نہیں ہیں، دوسری طرف یہ جو کروڑوں روپے لگ رہے ہیں، اگر یہ روپے IPPs کو دے دیے جائیں تو شاید ہماری load shedding کی problem ختم ہو جائے۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر طارق عظیم خان: ایک منٹ، ابھی thank you نہیں، دوسروں کو بہت time دیا ہے، ہمیں بھی موقع دے دیں۔

جناب چیئرمین: آپ کے Leader of the Opposition کو تو بہت time دیا ہے، مشہدی صاحب...

سینیٹر طارق عظیم خان: جتنا آپ نے میرے دوست کو دیا، اس سے کم دیا۔ اب جناب والا! میں آپ کو بتانا چاہوں گا کہ بار بار جو کہا جاتا ہے کہ پچھلے پانچ، سات سالوں میں ایک mega watt بجلیadd نہیں کی گئی۔ یہ تو وہی ہے کہ آپ اتنی مبالغہ آرائی کریں، اتنا جھوٹ بولیں اور اتنا constantly بولتے جائیں کہ اپنے آپ کو بھی ایسا لگے کہ میں سچ بول رہا ہوں۔ جناب! میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے جب وزیر اعظم صاحب ہمارے House میں تشریف لائے تھے، اس وقت بھی گیلانی صاحب کو یہ بات بتائی تھی کہ according to the record of Ministry of Power یہ دوسری بات ہے کہ انہوں نے PEPCO کا 2008 سے پہلے کے recordکو غائب ہی کر دیا ہے۔ اگر آپ آج PEPCO کی Website پر جائیں تو 2008 سے پہلے کا record غائب کر دیا گیا ہے تاکہ کسی کو پتا ہی نہ چلے کہ کیا ہوا ہے لیکن جناب! میں آپ کو بتا دیتا ہوں۔ Orient Plant which is near Ballokey, یہ plant 225 mega watt produce کرتا ہے اور جناب! یہ claim کیا گیا ہے کہ یہ complete ہو گیا ہے۔ جناب والا! یہ 2005 میں شروع کیا گیا تھا۔ Atlas Honda جناب شیرازی صاحب نے 225 mega watt کا plant 2005 میں شروع کیا ، یہ شیخوپورہ کے نزدیک ہے۔ اٹک آئل جو یہاں مورگاہ، راولپنڈی کے نزدیک ہے، 165 mega watt کا 2005 میں شروع کیا گیا۔ غازی بھروتھا، جناب چیئرمین! آپ کے علم میں ہے کہ میاں نواز شریف کی حکومت کے دوران 1999 میں اس کے لیے tender کیا گیا تھا لیکن ایک بھی mega watt بجلی نہیں بنی تھی۔ پچھلی حکومت کے دوران 2003 میں اس کے پہلے unit نے کام شروع کیا اور اس سے 300 mega watt بجلی پیدا ہوتی تھی۔ اس کے علاوہ جناب!چھوٹے چھوٹے plants ہیں، Jinnah Hydro Power Plant 2004, 96 mega watt. Malakand III, 81 mega watt, 2003. Satpara 16 mega watt کا چھوٹا سا plant ہے۔ I can go on جناب والا! یہ پوری list ہے جو کہ میں یہاں Leader of the House کو دینا چاہوں گا۔ یہ وہ projects ہیں جو complete ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کو پتا ہے کہ ابھی Prime Minister Sahib نے پچھلے دنوں جو plant

inaugurate کیا، مجھے بتایا جائے کہ یہ کب شروع کیا گیا تھا؟ یہ وہ چیزیں ہیں جو پچھلی حکومت کے دور میں شروع کی گئی تھیں اور واقعتاً بالکل ٹھیک کہتے ہیں کہ ایک power plant لگاتے ہوئے تین سے چار سال کاminimum عرصہ لگتا ہے۔ آج ہم جناب چھ کی بجائے سولہ cent پر بجلی لینے جا رہے ہیں۔ کن سے؟ جو rental plants ہیں۔ وہ rental plants جو اپنی life ختم کر چکے ہیں۔ ان کے لیے 15% پیسے حکومت اور 85% بنکوں کو کہا جا رہا ہے کہ آپ دیں۔ یعنی کہ آپ کا ایک دھیلہ نہیں لگتا۔ جناب چیئرمین! اگر آج آپ ایک rental plant لگانا چاہیں تو بالکل شروع کیجئے کیونکہ آپ کی جیب سے ایک پیسہ نہیں لگے گا۔ 15% حکومت دے گی، باقی آپ کو بنک کی طرف سے جو sovereign guarantee ملے گی اور مفت میں plant ملے گا اور آپ دگنی سے زیادہ یعنی 6 cent کی بجائے 14 cent کی public کو دیں گے۔ لوگوں کو اتنا تنگ کیا گیا ہے، industry بالکل بند ہے، آپ کی exports بالکل ختم ہو گئی ہیں۔ فیصل آباد جیسے شہر میں 42% industry بند ہو گئی ہے۔ حالات اتنے خراب ہو جائیں گے کہ آپ کہیں گے کہ سولہ روپے کی بجائے میں تو بیس روپے دینے کے کو تیار ہوں، خدا کے واسطے میرے پاس ایک بلب تو رہنے دو۔ So much for the lies that are being told تو جناب چیئرمین! خدارا! لوگوں کو سچ بتائیں اور یہ جھوٹ بولنا بند کریں۔ یہ بھی بتایا جائے کہ آپ یہ جو every day, every hour on television channels ads run کر رہے ہیں اور یہ جو half page کے اشتہارات ہیں، یہ پیسے کون خرچ کر رہا ہے؟ یہ پیسے خرچ کرنے کی بجائے why don't you pay PEPCO?

Mr. Chairman: Thank you. جی میاں صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: Energy policy پر بہت بات کی گئی---

جناب چیئرمین: میاں صاحب، ایک منٹ۔ اگر Minister for Power ہوتے تو ---

سینیٹر سید نئیر حسین بخاری: جناب پیغام دیا ہے۔ He might be coming.

Mr. Chairman: He will be coming. It would be very good he will come and explain because every member has got concern regarding the electricity. سب کے تحفظات ہیں، اگر وہ آ کر بتا دیں تو بہت اچھا ہو گا۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: I agree sir, I have sent a message to the Minister.

جناب چیئرمین: بہت اچھا، آپ پھر کہیں کہ ذرا جلدی آ جائیں۔ جی میاں صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا، صرف ایک سیکنڈ میں بات کرنا چاہوں گا۔ وہ یہ ہے کہ یہاں پر بہت کہا گیا ہے کہ بہت mega watts پچھلی حکومت کے دور میں generate ہوئے اور یہ تمام چیزیں موجودہ حکومت کی وجہ سے ہیں تو میں نے اپنے point of order میں یہ بات کہی تھی کہ اگر ان کی یہ بات درست ہے، جھوٹ کون بول رہا ہے؟سچ کون بول رہا ہے؟ اس کے لیے جناب چیئرمین! ایک سیدھی سی بات ہے کہ energy policy پر مشرف، شوکت عزیز کو کٹہرے میں کھڑا کرو اور پاکستان کے عوام کو فیصلہ کرنے دو۔ ہمت ہے تو ملک میں واپس آئیں اور آ کر عوام کے سامنے کٹہرے میں کھڑے ہوں، لندن میں بیٹھ کر بات نہ کریں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، no discussion بگٹی صاحب۔

(مداخلت)

سینیٹر میاں رضا ربانی: بالکل بنائیں۔ ان کو یہاں لائیں، کٹہرے میں کھڑا کریں---

جناب چیئرمین: میاں صاحب، میاں صاحب---

سینیٹرمیاں رضا ربانی: چور ہیں، دونوں چور ہیں، یہاں لا کر چوروں کو کھڑا کرو۔ چوروں کو کھڑا کرو، accountable کرو اور لاؤ اس چور کو یہاں پر۔ مشرف چور، شوکت عزیز چور، چور کو یہاں پر لاؤ۔ چور ہیں۔

(اس موقع پر ممبران نے چور چور کی آوازیں بلند کیں)

Mr. Chairman: Order, order. جی بگٹی صاحب۔

(مداخلت)

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: مشرف چور ہی نہیں، قاتل بھی ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی بگٹی صاحب، I think we should control our emotions. جی بگٹی صاحب، آپ فرمایئے۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: مشرف قاتل بھی ہے۔

جناب چیئرمین:جی بگٹی صاحب، آپ کا کیا point of order ہے؟

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ جناب! میں---

(مداخلت)

جناب چیئرمین: بنگش صاحب آپ کو بھی وقت ملے گا، باری باری سب کو--- صبر کے ساتھ۔ ان اللہ مع الصابرین۔

سینیٹر عبدالنبی بنگش: میں تھوڑی سی بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: میں ابھی وقت دیتا ہوں۔ Somebody is on the floor. Bangash Sahib rules do not permit anyone else to speak when one member is speaking. Yes Bugti Sahib.

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: Thank you. جناب چیئرمین صاحب! میں بہت ہی مختصر دو issues پر بات کروں گا۔ ایک تو اس وقت جو burning issue چل رہا ہے، ملک میں جو بجلی کا بحران ہے، جناب! اس پر سب دوستوں نے بات کی ہے۔میں اس میں مزید یہ add کرنا چاہتا ہوں ۔ اس وقت ہماری جو generating capacity ہے، اگر اس کو صحیح طریقے سے استعمال میں لایا جائے تو اس پورے ملک اور لوگوں کو جو load shedding کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس کو 70 to 80% reduce کیا جا سکتا ہے۔ جناب! PEPCO and Wapda کے اپنے دعوؤں کے مطابق تقریباً 3500 mega watt کی shortage ہے۔

جناب ! ایک سرکاری ادارے ENERCON کی Monday report کو آپ کے سامنے پیش کروں گا، ایک سرکاری ادارےکی report کے مطابق اس وقت پاکستان میں جوIPPs ہیں اور public sector میں جو thermal power plants ہیں، وہ under capacity چل رہے ہیں because of different reasons and one of the main reason is وہی circular debts کا مسئلہ چل رہاہے اور انہیں crude oil and furnace oil کی فراہمی کا مسئلہ پیش آ رہا ہے، وہ اس وجہ سے under capacity چل رہے ہیں۔ جناب! اگر انہیں full utilization میں لایا جائے، اس وقت اس system میں اسیENERCON کی report کے مطابق 2180 mega watts اور آ سکتےہیں۔ اب مسئلہ circular debt ہے، انہیںpayments نہیں مل رہی ہیں، oil companies نے انہیں oil supply بند کر دی ہےحقیقت میں دیکھا جائے تو یہ problem Government of the dayکا ہے، اس کو Government of the day نے حل کرنا ہے۔ جناب! پورے پاکستان میں ایک ایک فرد affect ہو رہاہے، I don't want to go into detail.

جناب! دوسرا issue یہ ہے کہ پچھلےSession میں مسئلہ اٹھا تھا جوSenators کوحج کا کوٹا دیا گیا تھا کہ ہر10 Senator حاجیوں کو recommend کرتا ہے، کچھ باہر کے لوگوں میں یہ تاثر تھا کہ شاید وہ all paid ہوتا ہے، میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں، وہ all paid نہیں ہوتاہے، اس میںSenators کو صرف یہ ایک privilege حاصل تھا کہ جو لوگ قرعہ اندازی میں رہ جاتےہیں تو وہ 10 آدمیوں کو نامزد کر سکتے تھے۔ جو intending حاجی ہوتے تھے، وہ خود اپنے اخراجات ادا کرتے تھے - اس میںLeader of the House نے مہربانی کر کےMinister concerned کو یہاں بلوایا اور Minister concerned نےپورےHouse کےviews سنے اور پورےHouse کا یہunanimous view تھا کہ اسے نہ صرف restore کیا جائے بلکہSenators کے لیے اس میں مزید اضافہ کیا جائے۔ جناب! پاکستان میں تقریباً ڈیڑھ لاکھ حاجیوں کاکوٹا ہوتاہے جو پاکستان سے ہر سال جاتے ہیں، ان کی کہاں بندر بانٹ ہوتی ہے، ہمیں اس کا کوئی علم نہیں ہے، اپنے منظور نظرtravel agents کو فروخت کر دیا جاتا ہے، میں یہ دعوے سے کہتا ہوں کہ انہیں فروخت کیا جاتا ہے۔ یہ ادارہ جسےہم پاکستان کا نمائندہ ادارہ کہتے ہیں، جہاں پر

تمام صوبوں کی برابر کی نمائندگی ہے، وہاں ڈیڑھ لاکھ میں سے صرف 1000 حاجیوں کا کوٹا تمام 100 Senators کے لیے ہے، اس کو withdraw کر لیا گیا تھا، ایک مہینہ گزرنے کے باوجود آج تک اس سلسلے میں کسی بھی Senator کو کوئی اطلاع نہیں دی گئی ہے۔ اب banks کی dates بھی گزر چکی ہیں اور چند دنوں میں تمام چیزیں finalize ہو رہی ہیں تو میری پھر آپ کے توسط سے Government سے گزارش ہے کہ جناب! اس میں کوئیCabinet meeting کی ضرورت نہیں ہوگی، Prime Minister ایک executive order کے تحت تمام Senators کا یہ کوٹا دوبارہ فوری طور پر بحال کریں۔

جناب چیئرمین: بخاری صاحب۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب! بخاری صاحب گپ شپ میں مصروف ہیں، وہ اس طرف کان ہی نہیں دھر رہے ۔

جناب چیئرمین: بلیدی صاحب! بیٹھیں۔ بخاری صاحب! ابھی بگٹی صاحب نے یہ جو بات کی ہے، آپ اس کو ذرا note کریں، Prime Minister صاحب سے بات کریں، جو Senators, Parliamentarians کا کوٹا ہے جو شروع سے تھا، اب ختم کیا گیا ہے، وہ اس پر غور کریں اور میں سمجھتا ہوں کہ Monday کو جو Session ہو گا، آپ اس میں جواب دیں، ٹھیک ہے جی۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب!میری آپ سے گزارش ہےکہ پورے House کا sense لے لیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، میں سمجھ گیا ہوں۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب! اس سینیٹ کو یہ اختیار بھی نہیں ہےکہ وہ10 آدمیوں کوrecommend کر سکے، ہم یہاں پر کس لیے بیٹھے ہوئے ہیں؟

جناب چیئرمین: بگٹی صاحب! ٹھیک ہے۔ House کا sense آ گیا ہے، they all want کہ ان کا کوٹا restore کیا جائے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیز Minister for Religious Affairs and Prime Minister کے گوش گزار کر دیں کہ یہ sense of the House ہے، یہ تمامSenators کی unanimous demand ہے اور اس کے بارے

میں Monday کو یہ جواب دیجیئے گا کہ انہوں نے اس سلسلے میں کیا فیصلہ کیا ہے۔ شکریہ۔

سینیٹرسید نیئر حسین بخاری: جناب میری ایک submission ہے۔

جناب چیئرمین: جی۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: With all respect for the direction given by the Chair,

گزارش یہ ہے previously یہ issue raise ہوا تھا اور Minister for Religious Affairs کو request کی گئی تھی کہ when he was in the House and he made a statement, this was the decision which was taken in the Cabinet you know, he categorically stated in the House…..

Mr. Chairman: The Cabinet decision can be reviewed looking into the sense of the House.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: I convey this message to the Prime Minister.

Mr. Chairman: Please, convey this message that see, it is unanimous demand of all the Senators, please convey this and get the guarantee.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: I will convey this to the Prime Minister.

Mr. Chairman: And bring an answer on Monday, I hope, it will be positive. Thank you.

جناب چیئرمین: جمال لغاری صاحب! آپ کا point of order ہے، you want to say something. اس کے بعد شیرانی صاحب آپ ہیں۔

سینیٹرسردار محمدجمال خان لغاری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب چیئرمین: باری باری سب کو موقع ملے گا۔ دیکھیں ایک ادھر سے اورایک ادھر سے ہو گا، I want to create equality, ایک ادھر سے اور ایک ادھر سے ہو گا، ٹھیک ہے۔ چلیں لغاری صاحب بولیں۔

سینیٹرسردار محمدجمال خان لغاری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب۔

جناب چیئرمین: لغاری صاحب! ذرا آرام سے۔

سینیٹرسردار محمدجمال خان لغاری: جناب! میری ایسی ہی آواز ہے، میں اسی آواز میں بولتا ہوں۔

جناب چیئرمین: چلیں ٹھیک ہے۔ میں نے زور کی بات نہیں کی،میں نے کہا کہ آرام سے۔

سینیٹرسردار محمدجمال خان لغاری: جناب! حالات ایسے ہیں کہ میں انہی جذبات کی عکاسی کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بسم اللہ کریں۔ حاجی صاحب!.please, no cross talk جی۔

سینیٹرسردار محمدجمال خان لغاری: صوبہ بلوچستان کے اندر اس وقت جو ایک بین الاقوامی بھیانک سازش چل رہی ہے، شکر الحمد للہ پاکستان کے وزیر اعظم جناب یوسف رضا گیلانی صاحب جب مصر کے دورے پر گئے تھے، وہاں پر ہمارے پڑوسی ملک ہندوستان کے وزیر اعظم جناب من موہن سنگھ کو انتہائی دھیمے الفاظ میں باور کرایا اور دفتر خارجہ نے ان کو ثبوت provide کر دیے۔ اب یہOpposition کی آواز نہیں رہی، شکر الحمد للہ حکومت پاکستان نےبھی اس بات کو اب بادل نخواستہown کر ہی لیا ہے کہ بلوچستان وہ سرزمین ہے کہ جہاں بلوچستان یونیورسٹی سے لے کر لسبیلہ اور مکران تک میں، بدقسمتی سے اس پاک پاکستان کا پاکستانی پرچم نہیں لہرایا جا رہا اور institutions میں قومی ترانہ نہیں بج رہا۔ وہاں کے جو settlers ہیں، ان کو ایک ایک کر کےeliminate کیا جا رہا ہے، مارا جا رہا ہے، شہید کیا جارہا ہے، وہاں کے جو مدارس ہیں، وہاں کے جوprincipals ہیں، وہاں کے جو اساتذہ کرام ہیں جو علم کی روشنی پھیلانے کے لیے وہاں پر جہاد کر رہے ہیں، ان کو ایک ایک کر کے مارا جا رہا ہے۔ جناب! حالات مشرقی پاکستان والے ہوتے جار ہے ہیں، ہم بلوچ پنجاب میں ہیں، یہ سازش

نہیں ہے توکیا ہے،اب ہم لوگوں جو پنجاب میں مکین ہیں، ہمیں پنجابی مارنا شروع ہو جائیں تو حالات کس ڈگر کی طرف جائیں گے۔ ستم ظریفی یہ ہےکہ حربیار مری London میں بیٹھ کر دنیا نیوز پر نجم سیٹھی کے ساتھ interview کرتا ہے اور وہ یہ بات کرتا ہے اور ہمارا media اس کو باقاعدہ 170 million عوام کودکھاتا ہے کہ ہمارا پاکستان سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے، نہ پہلے مانا نہ اب مانتے ہیں۔ اس کےالفاظ اس حد تک مکروہ تھے کہ اس نےکہاکہ یہ پاک پاکستان نہیں ہے، یہ ناپاک ہے، نعوذ باللہ۔ یہ حربیار مری صاحب وہی تھے جو برطانیہ کی جیل میں تقریباً ایک سال رہے کیونکہ وہاں پر وہ laser sight والی بندوقیں purchase کرتے ہوئے پکڑے گئے تھے اور اب بھی ان کے جسم پر وہ آلہ ہے کہ وہ جہاں بھی جاتے ہیں، باقاعدہ طور پر پتا ہوتا ہے اور .he cannot move out of London اس وقت اپنے محترم وزیر داخلہ صاحب یہاں پر بیٹھے ہیں، میں ان سے گزارش کرتاہوں کہ David Millie Band وغیرہ کے ساتھ پاکستان کے اتنے سہانے اور قریبی تعلقات ہیں تو کیا یہ ان کو نہیں کہتے کہ ایسے لوگوں کوآپ نے پناہ دی ہوئی ہے ہم تو اس war against terrorism کے اندر آپ کے front allies ہیں اور اب وہ اس طریقے سے وہاں سے مکروہ propaganda کررہے ہیں اور آپ اس کو deport کیوں نہیں کرتے۔ Extradition کی تو ہماری برطانیہ کے ساتھ treaties بھی sign ہیں، کیوں نہیں کرتے؟ یہ کیا وجہ ہے؟ میں وزیر داخلہ صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوںکہ BLA, Baloch Liberation Army activist کو باقاعدہ طور پر پکڑا جاتا ہے اور کچھ عرصے کے بعد وزیر موصوف کی مداخلت پر ان کو چھوڑا جاتا ہے اور وہی BLAکے activist آجکل جا کر میرے بلوچ بھائیوں کو مارتے جا رہے ہیں۔اس وقت بلوچستان بھڑک رہا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ صدر صاحب کی کمال وسعت قلبی ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں بلوچستان کی عوام سے معافی مانگتا ہوں۔جناب! لبوں سے معافی مانگنے سے کام نہیں چلے گا، وزیر اعظم صاحب کے وعدے وعید کہ میں APCبلا رہا ہوں۔ آج تک APC کیوں نہیں بلائی؟ کیا چاہتے ہیں کہ بلوچستان ہم سے علیٰحدہ ہو جائے۔ میں چاہتا ہوں کہ ایوان میں ایک لرزا آئے اور اس سے ہی کچھ ہو، ورنہ ہم لوگ afford نہیں کرسکتے۔ اگر بلوچستان ہم سے

علیٰحدہ ہوتا ہے تو سارے کے سارے قدرتی وسائل جاتے ہیں۔ بلوچستان کے نوجوان مشتعل ہیں ، ہمارے جو یہاں پر nationalist leaders بیٹھے ہوئے ہیں ان سے پوچھیں کہ کیا یہ اپنے علاقوں میں جا سکتے ہیں۔ ان کو غدار بلوچستان کہا جاتا ہے۔ وہ غریب بلوچ ہے جو کہ مشتعل ہے، اسے کچھ بھی نہیں ملا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہم لوگوں نے بہت دیا، جتنی بھی سابقہ حکومتیں آئی ہیں انہوں نے تھوڑا دیا، درمیانہ دیا، وافر دیا، ہم اس بحث میں نہیں پڑتے۔ میں پوچھتا یہ ہوں کہ جب یہاں سے افسران بلوچستان جاتے ہیں تو روتے ہوئے جاتے ہیں کہ ہم کالا پانی جا رہے ہیں اور جب وہاں سے واپس آتے ہیں تو دہاڑے مارتے ہیں کہ واپس نہیں آنا۔ جناب! اتنا پیسہ ہے کہ اس وقت بلوچستان کاغذات میں پیرس ہے، وہاں پر جب آپ مسافت کرتے ہیں تو وہاں پر ماسوائے غربت کے کچھ بھی نہیں ہوتا۔ اسی لیے بلوچ نوجوان اتنا مشتعل ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی نئیر بخاری صاحب۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: جناب چیئرمین! Question hour کے دوران question related with the Defence Ministry ان کو موخر کیا گیا تھا۔ ڈیفنس منسٹر صاحب ہاؤس میں آ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال اس وقت ہاؤس تو points of order پر چل رہا ہے۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, point is that, he has come all the way from the Rawalpindi, we asked him to come back to the House. یا تو پھر وہ lapse کردیں، they want to be deferred then.

Mr. Chairman: There will be deferred.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: No, no sir, the point is that it should be deferred, then he is available here and he has come all the way from the Rawalpindi.

کل آپ اس کو defer کردیں تو پھر انہیں آنا پڑے گا۔

جناب چیئرمین: Actually اب تو question hour ختم ہو گیا ہے and we have started the points of order and this is first day of the House اور لوگ اپنے points of order raise کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: جناب! میں گزارش کروں کہ یہ موخر کیے گئے تھے کہ Defence Minister کو بلایا جائے، وہ وہاں سے کام چھوڑ کر یہاں ہاؤس میں آ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے لے لیتے ہیں۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: اگر تو lapse ہی کر جاتے ہیں تو no objection لیکن آپ یہ کہیں کہ defer کردیئے ہیں اور کسی اور working day پر آتے ہیں تو وہ مناسب بات نہیں ہوگی۔

دوسری میں یہ عرض کرنا چاہتا ہو ں کہ آپ نے یہ ضرور discretion استعمال کی۔ Rules 216 کے تحتpoint of order raise ضرور ہو سکتا ہے there can't be discussion and debate. Discretion has been exercised لیکن جناب آپ اتنا کھلا وقت دینا شروع کر دیں گے تو پھر------

جناب چیئرمین: نہیں آج دراصل first day ہے۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: مجھے Chair کی discretion پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن ہمیں rules کو بھی مدنظر رکھنا پڑے گاکہrules کیا provide کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ جی بلور صاحب۔

Senator Ilyas Ahmad Bilour: It has been raised from my friend, Raza Rabbani but I am very sorry to say today. He said them 'Choor' they are usurpers, they are not 'Choor', they are 'Dacoo, Dacoo'.

چور کا لفظ بہت چھوٹا ہے۔ مجھے بہت افسوس ہے کہ آپ نے کیوں ان دونو ں کو چور کہا ہے، مجھے اس بات کا بہت دکھ ہے۔ Thank you very much.

جناب چیئرمین: بیٹھیں مری صاحب۔ Let us have the questionکیونکہ

Questions and Answers

سینیٹر ڈاکٹرمحمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! کیاآپ یہ روایت برقرار رکھیں گے کہ ایک منسٹر اپنی مرضی سے آئےاور اگر بلائیں گے ہی تو پھر آپ اس ہاؤس کو کس طرح چلائیں گے؟ یہ کوئی احسان کیا کہ پنڈی سے ہو کر آئے ہیں، ان کو ادھر پہلے سے موجود ہونا چاہیے تھا۔ یہ سوال ابھی بالکل نہ لیں کیونکہ یہ ایک روایت بن جائے گی کہ جب بھی منسٹر آئے، اگر وہ 2بجے یا 3بجے آئے تو آپ question لیتے رہیں گے، یہ آپ کون سے rule پر چل رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، جی بخاری صاحب۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: بات یہ ہے کہ meeting میں یہ بات تھی کہ ہم under discussion کو چھوڑ دیتے question hours and we will go for the discussion on the Presidential Address. یہ بات طے تھی، this was probably convey to the Defence Minister you know and then he left the premises اور پھر جب آپ نے question hour شروع کیا تو we asked him to come back to the House and he is available to the House.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے we will take up the question اور سسٹم بھی خراب ہو گیا تھا۔ We will take up the first question میں دیکھ لیتا ہوں کہ کس کا ہے۔ مولانا شیرانی صاحب! آپ بول لیجیے، اس کے بعد ہم question start کر لیتے ہیں۔ آپ نے جو point of order پر بولنا ہے بول لیجیے۔

سینیٹر مولانا محمدخان شیرانی: جناب چیئرمین صاحب بڑی مہربانی کہ آپ نے وقت دیا۔ میں نہیں سمجھتا کہ اب تک جن تقاریر کی آپ نے اجازت دی ان کو آپ نے نکتہ اعتراض کا نام دیا۔ نکتہ اعتراض 216 کے تابع آتی بھی ہیں یا نہیں اور جب Chair کی جانب سے ان کو نکتہ اعتراض کا نام دیا جاتا ہے تو پھر اس کے لیے کسی نہ کسی ضابطے کا حوالہ ہونا چاہیے۔

میری دوسری گزارش یہ ہے کہ ضابطہ کار میں ایک ترمیم کی جائے کہ اگر ملک کے فوری حل طلب مسائل ہیں تو ان کے لیے اس قواعد میں ایک الگ سا قاعدہ ہونا چاہیےکہ جو ملک کے فوری حل طلب مسائل ہوں یاپھر قوم میں جاری مشکلات ہوں ، ان پر بحث کے لیے یہاں پر ایک الگ سا ضابطہ ہونا چاہیے تاکہ اس پر قانونی طور پر بحث کی جائے اور اس کا کوئی نتیجہ بھی برآمد ہو۔

جناب چیئرمین: Rules کو amend کرنا پڑے گا۔

سینیٹر مولانا محمد خان شیرانی: میری تیسری گزارش یہ ہے کہ جب آپ نے ایک ruling دی کہ اب یہ سوالات ملتوی ہیں تو میں نہیں سمجھتا کہ-----

جناب چیئرمین: ہم wait کر رہے تھے، میں نے کوئی ruling نہیں دی تھی کہ ملتوی کیے جائیں۔ ان کو کہا تھا کہ جن کے جوابات نہیں آئے تھے۔

سینیٹر مولانا محمدخان شیرانی: اگر مجھے یاد ہو کہ آپ نے ایک ruling دی تھی کہ جب کسی دوسرے دن منسٹر صاحب تشریف لائیں گے تو یہ سوالات ملتوی ہیں۔ میں ڈاکٹراسمٰعیل صاحب کی اس رائے سے اتفاق کروں گا کہ اگر منسٹر حضرات اپنی مرضی سے آنا اور جانا چاہیں اور ہاؤس ان کی مرضی کے تابع ہو تو یہ مناسب نہیں کہ ہاؤس ان کی مرضی کے تابع ہو۔میں آپ کی توجہ ضابطہ216 کے ذیلی شق 1اور2 اور ضابطہ229 کے ذیلی شق 3 کی جانب مبذول کراؤں گا۔ اس میں وضاحت سے لکھا ہو ہے کہ جب سرکاری کاغذات floor پر آئیں گے تو وہ انگریزی اور اردو دونوں میں ہوں گے۔ یہاں پر جو ہمارے پاس Competition Commission of Pakistan کی جو 2008 رپورٹ ہے وہ انگریزی میں ہے اور مجھے یاد پڑتاہے اور شاید آپ کو بھی یاد ہو گا کہ اس سے قبل آپ نے ایک ruling دی تھی کہ سرکاری کاغذات یہاں پر اردو میں بھی ہونے چاہییں۔

جناب چیئرمین: میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ ہمارے پاس جس concern department سے کاغذات آتے ہیں انہیں ہم نے کہا ہوا ہے کہ اردو میں بھی بھیجا کریں لیکن اس میں کئی ایسے ہوتے ہیں کہ جن کی اردو میں translation نہیں کر سکتے اس لیے وہ انگلش میں آ جاتے ہیں۔

سینیٹر مولانا محمد خان شیرانی: اس ضابطہ 229 کی ذیلی شق 3 کے مطابق ہم پابند ہیں کہ سینیٹ کی کارروائی کا سرکاری ریکارڈ اردو اور انگریزی میں رکھا جائے گا یعنی اردو کو اولیت دی ہے، اسے اول میں لایا گیا ہے اور انگریزی بعد میں لائی گئی ہے۔ اس کا معانی یہ ہے کہ اولیت اردو کو حاصل ہے۔ ویسے بھی آئین کا جو آرٹیکل ہے اس کی رو سے بھی اردو کو قومی زبان ہونا چاہیے لیکن ہم بعض آئینی تقاضوں کو بھی پورا نہیں کرتے ہیں، اس کےلیے ہمارا اپنا اختیار ہے یا نہیں ہے یا کسی دوسرے کا ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضابطے کے مطابق نہیں ہے۔ اس سلسلے میں میرا تیسرا سوال یہ ہے کہ جیسا کہ محترم عدیل صاحب نے بھی اس نکتے کو اٹھایا تھا کہ جب ہمارے سامنے منسلکہ جات نہ ہوں تو پھر ہمیں لائیبریری کا وقت ملنا چاہیے کہ وہاں جا کر دیکھ سکیں۔

جناب چیئرمین: شیرانی صاحب! آپ Clause-3 پڑھیے۔شیرانی صاحب! اب مہربانی کرکے تشریف رکھیں۔شیرانی صاحب ! میں نے آپ کی بات note کر لی ہے اور میں نے یہ ruling دے دی ہے۔ آپ خطاب کرسکتے ہیں اردو میں یا انگریزی میں، اور جو ریکارڈ ہے وہ رکھا جائے گا انگریزی میں بھی اور اردو میں بھی ۔ سوال نمبر دو ہے۔شاہد بگٹی صاحب ۔ سوال نمبر پڑھ لیجئے۔

Mr. Chairman: Answer taken as read. Any supplementary?

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب چیئرمین! میرا سوال یہ ہے محترم وزیر صاحب سے کہ یہاں پر question is very clear. The question is; will the Minister for Defence be pleased to state Airport fee/Tax during the last three years and the detail of its utilization. جناب! بات یہ ہے کہ اس ملک میں ہمیشہ یہ المیہ رہا ہے کہ tax collection میں بھی گھپلا ہوتا ہے اور پھر جو اخراجات ہوتے ہیں ان میں کوئی حساب کتاب نہیں ہوتاہے ۔ آخر میں وہ کہتے ہیں کہ The details of… its utilization, یہاں پر جو صرف revenue generate ہوا ہے ،جو collect ہوا ہے اس کی تین سالہ تفصیل تو دی ہوئی ہے لیکن utilization کے بارے میں ایک لفظ یہاں پر نہیں ہے۔مہربانی فرماکر وزیر صاحب ہمیں utilization کے بارے میں بتائیں۔

جناب چیئرمین: جی۔

چوہدری احمد مختار(وفاقی وزیر برائے دفاع): Sorry about the whole affairs that میں پہلے یہاں پر آیا I was probably the first person who have came here. میں آپ کے آنے سے پہلے بھی آیا تھا ۔ میں اس کمرے میں دس بجے آیا تھا ۔ مجھے پتا چلا کہ آپ لوگ meeting کر رہے ہیں۔ میں نے انتظار کیا ۔جب آپ آئے تو یہ فیصلہ ہوا کہ question hour نہیں ہے۔اس کے بعد mic خراب ہوگیا اور میں چلا گیا but I am so sorry that I hurt the feelings of some Senators who wanted me to be here and in future ہم یہاں بیٹھے رہیں گے جب تک آپ اجازت نہیں دیں گے۔جو ابھی سوال کیا گیا اور اس میں جو بات کی گئی ہے کہ tax collected ہے لیکن اس کی utilization کیا ہے تو the amount collected and remitted to the government treasury by the Civil Aviation Authority and its utilization is discretion of the government of Pakistan تو وفاقی حکومت اس کو spend کرتی ہے۔

Senator Shahid Hassan Bugti: That answer should have been mentioned over here sir. This not the proper way sir. آدھا جواب آتا ہے۔ جواب utilization by government کا ہےاور that should have been mentioned in this answer booklet sir.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔اس کے اندر future میں دیکھیے کہ question کا answer complete آ جائے۔جی سیمیں صاحبہ۔بگٹی صاحب مہربانی کرکے بیٹھ جائیے۔جی سیمیں صاحبہ۔

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی: جناب چیئرمین! آپ کے توسط سے میں محترم وزیر صاحب سے سوال کرنا چاہوں گی کہ یہ جو fee and tax collect کیا جاتا ہے یہ کس مد میں خرچ کیا جاتا ہے ۔ دوسرا میں ان کو انٹرنیشنل ائرپورٹ کے واش رومز کی حالت زار بتانا چاہتی ہوں کہ ہمیں بڑی شرمندگی ہوتی ہے کہ وہاں کوئی attendant نہیں ہوتا اور جس کپڑے سے پوچا لگایا جاتا ہے وہ انتہائی بدبودار ہوتا ہے ۔ وہاں پر کوئی فینائل استعمال نہیں ہوتا۔ ہمارے پاس foreigners بھی آتے

ہیں ، باہر سے مہمان بھی آتے ہیں ، کاکروچ پھر رہے ہوتے ہیں - وہاں attendant کیوں نہیں ہوتا اور صفائی ستھرائی کا خیال کیوں نہیں رکھا جاتا۔ یہ ہماری hygiene کا سوال ہے - آپ international community کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں کہ آپ اس قسم کی گندی قوم ہیں - کیونکہ اس طرف سے Ministers and VIPs جاتے نہیں ہیں تو انہیں صفائی کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی، مہربانی کرکے اس چیز پر بھی توجہ دیں۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

چوہدری احمد مختار: جناب چیئرمین! We will look into that انشاء اللہ جتنے بھی لوگ وہاں کام کرتےہیں ان کی تھوڑی سی نفری بڑھا دیتے ہیں تو وہاں پر زیادہ improvement ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: پروفیسر ابراہیم صاحب۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: شکریہ جناب چیئرمین! میں وزیر محترم سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ domestic Airport tax جو ہے 2005-06 میں 6,99,68,960 روپے ہے۔ 2006-07 میں یہ کم ہو کر6,62,32,740 روپے ہوگیا اور 2007-08 میں یہ مزید کم ہو کر 6,20,82,960 روپے ہوگیا۔اس کمی کی کیا وجہ ہے اس کو تو بڑھنا چاہیے تھا یہ کم کیوں ہو رہا ہے؟

جناب چیئرمین: جی احمد مختار صاحب۔

چوہدری احمد مختار: جناب چیئرمین! یہ جو domestic Airport Tax ہے یہ اس وجہ سے کم ہے کہ ان سالوں میں لوگوں نے travel کم کیا ہے۔جو پچھلا سال گزرا ہے اس میں domestic traveling was down as compare to the previous year اس لیے یہ tax collection کم ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: اب تین supplementary ہوچکے ہیں۔Next question آ رہا ہے ڈاکٹرمحمد اسمٰعیل بلیدی صاحب کا۔ڈاکٹر بلیدی صاحب میں آپ کو سوال نمبر بتا دوں۔

9. ***Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the number of PIA officers posted abroad during the last one year with province-wise break up;

(b) the procedure adopted for the posting of those officers; and

(c) the number of PIA officers working abroad for more than three years indicating also the reasons for retaining them at the same place for more than three years?

Ch. Ahmed Mukhtar: (a) The **province-wise break-up** of PIA officers posted abroad during last one year is **as under.** The department wise list is attached as **Annexure-A.**

PLACE OF DOMICILE	NUMBER OF EMPLOYEES
Punjab	47
Sindh (Urban)	22
Sindh Rural	17
Baluchistan	01
NWFP	06
FATA	01
Azad Jammu Kashmir	01
Total:	**95**

(b) The procedure adopted along with the Corporation's policy regarding Foreign Posting is appended as **Annexure-B.**

(c) The list of PIA officers working abroad for more than three years alongwith reasons for their retention is appended as **Annexure-C.**

(Annexures have been placed on the Table of the House as well as Library)

Mr. Chairman: Answer taken as read. Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میرا سوال تھا کہ ایک سال کے دوران بیرون ملک پی آئی اے کی سروس میں کتنے لوگوں کو بھیجا گیا ہے۔ صوبہ وار بتایا جائے۔ اس میں کتنے افسران ہیں جو تین سال سے زائد یعنی tenure پورا ہونے کے بعدابھی تک وہاں کام کر رہے ہیں؟ ان کو واپس نہیں بلایا گیا ہے۔اس میں انہوں نے جواب دیا ہے کہ 23 ایسے افسران ہیں جو چار سال ، پانچ سال ، چھ سال سے بغیر کسی وجوہ کے وہاں کام کر رہے ہیں۔پی آئی اے نے ایک سال کے

دوران 95 افراد کو بیرون ملک بھیجا ہے جو کہ پورے پاکستان سے ہیں اور ان میں صرف ایک بلوچستان سے ہے جس کا نام عامر بشیر ہے جو ملک اے بشیر کا بیٹا ہے وہ بھی پنجابی ہے ، اس کا والد بلوچستان میں ڈپٹی کمشنر تھا۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب ! آپ سوال کریں ۔تفصیل کو چھوڑیں۔ آپ کا سوال کیا ہے۔ جی۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان ایک چھوٹا صوبہ ہے۔ ان 95 افراد میں حصے کے مطابق تو ہمارے چار یا پانچ افراد ہونے چاہییں مگر ہمیں ایک پوسٹ دی وہ بھی پنجابی ڈومیسائل رکھتا ہے۔ جناب احمد مختارصاحب! پی آئی اے کا ایم ڈی اگر آپ کی بات نہیں مانتا تو ہمیں بتائیں ہم آپ کی مدد کریں گے۔یہ جو طریقہ کار ہے اس کو بلوچستان والے کب تک برداشت کریں گے۔ ہم کبھی بھی یہ برداشت نہیں کریں گے۔ ہم بھیک نہیں مانگ رہے ہیں ہمارا حق ہے۔ ہمیں یہ بتایا جائے کہ ہمیں کب تک ہمارا کوٹا دیا جائے گا؟

جناب چیئرمین: جی منسٹرصاحب۔

چوہدری احمد مختار: جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں یہ بتاؤں کہ جب ہائرنگ ہوتی ہے تو اس وقت کوٹا سسٹم ہوتا ہے۔جب وہ سروس شروع کردیتے ہیں تو کوٹا سسٹم ختم ہوجاتا ہے.within the sections یہ ویسے تو alarming situation ہے کہ ایک آدمی بلوچستان سے جائے اور پنجاب سے 47 لوگوں کو بھیجا جائے- I have also asked them, but انہوں نے کہا ہے کہ جو criterion laid down کیا گیا ہے اس میں اگر یہ پورے اتریں گے تو ان کو بھیجا جائے گا and I told Buledi Sahib out side کہ آپ سمجھتے ہیں کہ جن employees کا حق مارا گیا ہے اور وہ they should have been promoted and they should have been sent abroad criterion پر پورا اترتے ہیں تو ان سے ایک application لے کر مجھے دیں تو let me hold an inquiry into this that why these people have not been considered for foreign posting. میں on the floor of the House یہ request کروں گا اپنے ساتھیوں

سے کہ مجھے کوئی تو ثبوت لا کر دیں ، ایک بندہ تو کہے کہ میرے ساتھ یہ زیادتی ہوئی ہےکہ I was qualified for foreign posting and I was not sent abroad then an action can be taken against people sitting here جو یہ postings کرتے ہیں۔Thank you.

جناب چیئرمین: اچھا جی۔ تین supplementary ہیں I can give another one ایک میں کسی اور کو دوں گا۔ اے این پی کے جو ممبران ہیں تینوں آپس میں decide کرلیں کہ کون سوال کرےگا۔ حاجی عدیل صاحب ہیں، بلو ر صاحب ہیں اور بنگش صاحب ہیں۔ سب سے پہلے بنگش صاحب نے ہاتھ اٹھایا تھا۔جی بنگش صاحب۔

سینیٹر عبدالنبی بنگش: میں عرض کروں کہ ایک سال میں پنجاب سے 47یہ سندھ اربن اور رورل توویسےہی بنایا گیا ہے، سندھ ایک ہے حالانکہ 39 from Sindh and 1 from Balochistan, 1 from FATA, 1 from AJK and 6 only from PakhtoonKhwaa میں محترم وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ اس کا criterion کیا ہے، quota system ہے یا یہاں پر قابل ترین لوگ ہیں اور ہم un-educated لوگ ہیں یا کیا وجہ ہے -

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب.

چوہدری احمد مختار: جناب چیئرمین صاحب! نمبر ۱ there is no quota in the local postings/foreign postings, quota تو صرف at the time of hiring ہوتا ہے۔ باقی once again I would say کہ اگر کوئی ایسا آدمی جو کہ یہ feel کرتا ہے کہ I have been neglected or have been left out by the department or by the organization, we can take action against that by carrying out an inquiry. باقی سارا جو eligibility criterion ہے وہ دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: چلیں آپ ان کو ذرا satisfy کر دیجیے گا۔ کلثوم صاحبہ۔ بنگش صاحب! کلثوم صاحبہ کا سوال ہے۔

Senator Kalsoom Parveen: Thank you Mr. Chairman.

جناب! میں منسٹر صاحب کی اس بات سے متفق نہیں ہوں جو وہ فرما رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! آپ ذرا سینیٹر کلثوم صاحبہ کو سن لیں۔ حاجی صاحب.please

سینیٹرکلثوم پروین: جناب! میں منسٹر صاحب کی اس بات سے متفق نہیں ہوں جو وہ فرما رہے ہیں کہ کوئی کوٹا سسٹم نہیں ہے۔ اگر کسی کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ ہم زیادتی کی تو بات کر ہی نہیں رہے۔ ہم اس زیادتی کی بات کر رہے ہیں کہ اس میں سے صرف 1% بلوچستان کو ملا ہے۔ اگر وہ کوٹا سسٹم میں ملا ہے، اگر وہ میرٹ پر ملا ہے تو کیا بلوچستان کے لوگوں میں اتنی قابلیت نہیں ہے کہ وہ کسی میرٹ کے سسٹم میں ہی یہاں include ہو جائیں؟ میں زیادتی کی بات نہیں کرتی کہ کوئی زیادتی ہوئی ہے یا کوٹا سسٹم کی۔ جناب! آپ دیکھیں کہ 1995 میں صرف ایک بندہ پورے بلوچستان سے ہے۔ میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ پھر کوئی ایسا ہی criterion بنا لیں جیسے جمال لغاری نے اپنی speech میں بھی کہا کہ کوئی طریقہ کار ایسا بنا لیں، کوئی ایسی وضاحت کر دیں کہ ہمارے لوگوں کی بھی اتنی ہی نمائندگی ہو جتنی چاروں صوبوں کی ہے، including FATA and Azad Kashmir.جناب! ہمارے صوبے کے بھی equal rights ہیں۔ چاروں صوبوں کی نمائندگی یہاں پر برابر ہے تو وہاں کے لوگ بھی برابر ہونے چاہییں، چاہے میرٹ پر ہوں، کوٹے پر ہوں کوئی بھی طریقہ کار ہو اس کی نمائندگی برابر کی ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب اسی کی continuation میں ایک بات کرنے دیں دونوں باتوں کا جواب اسی continuation میں ہے۔ جناب! گزارش یہ ہے کہ منسٹر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ quota system adopt کیا جاتا ہے at the time of hiring. جناب! میں آپ کو ایک بات بتاؤں کہ پچھلے سال یہی مسئلہ اٹھا تھا کہ بلوچستان کا کوٹا ہمیشہ مارا جاتا ہے اور اس میں ایک organization کے حوالے سے بات ہوئی تھی اور وہ بھی fortunately or unfortunately Minister for Defence

سے related تھی۔ Minister sahib نے on the floor of the House کھڑے ہو کر یہ کہا تھا کہ جہاں پر ہم contract پر hire کرتے ہیں تو وہاں پر ----جناب! یہ سننے والی بات ہے۔

جناب چیئرمین: میں سن رہا ہوں۔

سینیٹرشاہد حسن بگٹی: جب ہم contract پر hire کرتے ہیں تو وہاں پر کوٹا سسٹم نہیں ہوتا ہے۔ اس وقت Deputy Chairman Chair کر رہے تھے۔ وہ rulingموجود ہے۔ وہ on record ہے کہ چیئرمین نے کہا تھا کہ پی آئی اےمیں اس طریقے سے آپ لوگوں کو contract پرhire کرتے ہیں بعد میں ان کو regularizeکرتے ہیں جس میں چھوٹے صوبوں کا کوٹا مارا جاتا ہے۔ لہذا منسٹر صاحب! make sure کہ آپ نے جن لوگوں کو contract پر لیا ہے آپ ان کو مستقل نہیں کریں گے۔ جناب! ایک مہینے کے بعد پی آئی اے کے اندر انہیں چار ہزارافراد کو مستقل کر دیا گیا۔ جناب! گزارش یہ ہے کہ ہمیں ہمارے rights سے deprivedکرنے کا، ہمارے حق پر ڈاکہ ڈالنے کا----

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے آپ کا question آ گیا ہے۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب! question نہیں ہے بلکہ observationہے۔ جناب! ہمیں موقع نہیں ملتا ہے۔ بات یہ ہے کہ جب Chair نے rulingدی تھی کہ وہ نہ کریں، ان کو permanent نہ کریں تو question is this, why DG violated the ruling of the Chair and he….

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ جناب وزیر صاحب آپ بتائیے۔

چوہدری احمد مختار: نمبر ۱، جب یہ لوگوں کی hiring on contract کی گئی تھی، تو یہ جو بات میرے سامنے آئی ہے on the floor of the House اس وقت میرے سامنے تو نہیں تھی but جتنے بھی contractual employees تھے ان کو confirm کرنا ہے تو it is the Cabinet. اگر وہ اس کو overrule کرتی ہے، Cabinetکہتی ہے کہ جتنے بھی آپ کے پاس employees ہیں who are not on confirm basis, آپ ان کو confirm کریں تو the PIA cannot refuse the Cabinet

who are on temporary ہو رہے ہیں confirm اب employees جتنے بھی decision.
definitely they will be confirmed تو basis or who are on contractual basis
لیکن PIA cannot do anything. اس میں according to the decision of the Cabinet
ہماری کوشش یہی ہے جناب چیئرمین صاحب! کہ جتنے زیادہ سے زیادہ کوئٹہ سے
یا بلوچستان کے بندے ملیںI have already told the people concerned, DG, MLC
کو بھی میں نے یہ کہا ہے۔

جناب چیئرمین: رشید صاحب! آپ بیٹھ جائیے۔ منسٹر صاحب بات کر
رہے ہیں۔ Please sit down.

چوہدری احمد مختار: پی آئی اے والوں کو بھی یہی کہا ہے کہ جب آپ
ان کے نمبرز وغیرہ دیکھتے ہیں تو اس میں کچھ ایسا سسٹم بنائیں کہ یہاں کے لوگ
بھی آگے آئیں کیونکہ
they also have a right to live and have a better living. We are working on that kind of …..

جناب چیئرمین: رشید صاحب! آپ بیٹھ جائیے۔ نہیں، آپ بیٹھ جائیے۔
Please بیٹھ جائیے۔ پہلے آپ بیٹھ جائیں۔ تین supplementary ہو چکے ہیں۔ Ruling
آئی ہوئی ہے۔ چوتھا سوال نہیں ہو سکتا۔ بلیدی صاحب! آپ next question کریں۔
بگٹی صاحب! آپ بیٹھ جائیے۔ لشکری صاحب! آپ کیا بات کرنا چاہتے ہیں؟

سینیٹرنوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی: جناب چیئرمین! بات یہ
ہے ڈیفنس منسٹر صاحب نے کہا کہ۔۔۔

Mr. Chairman: Bugti sahib, please no cross talk. If you are not satisfied you can meet him. You can put a question yourself. You have the right to do that. Thank you. Lashkari sahib please continue.

سینیٹرنوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی: منسٹر صاحب نے کہا
کہ جناب! foreign posting میں کوئی کوٹا سسٹم نہیں ہے تو federation کا rule کیا
ہے کہ ایک شخص کو foreign posting میں بلوچستان کے کوٹے سے post کر دیا
گیا ہے۔ وہ بھی settler ہے۔ 95کے حساب سے ہمارا foreign postings میں 5%

quotaہونا چاہیے-Quota ہے، ہر جگہ ہے، ایک شخص کو رکھ دیا گیا ہے وہ بھی settlerہے۔ ان کے جواب سے اور ان کی باتوں سے یہ لگ رہا ہے اور بلوچستان کے لوگوں کو یہ message جا رہا ہے کہ وہ بالکل نااہل ہیں۔ ان پڑھ ہیں، پسماندہ ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ کا کہنا یہ ہے کہ foreign postings نہیں مل رہیں۔

سینیٹرنوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی: اگر foreign postingsمیں ہمارا کوٹا نہیں رکھا جائے گا تو ہم اس ایوان کے حوالے سے یہ message دیں گے کہ وہ بندوق والے----

جناب چیئرمین: چلیں! آپ کی بات سمجھ گئے ہیں۔

سینیٹرنوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی: جس طریقے سے لغاری صاحب نے کہا کہ وہ استادوں کو قتل کرتے ہیں تو وہ یہ کہیں گے کہ جو لوگ باہر سے آئیں گے ان کو وہ پھر مار دیں گے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! آپ ان کو بتا دیں۔ لشکری صاحب کو بتا دیں۔

سینیٹرنوابزادہ حاجی میرلشکری رئیسانی: Foreign postings میں ہمارا 5% حق ہے وہ بلوچستان کو دیا جائے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں اس وقت دو منسٹر صاحب موجود ہیں۔ رحمان ملک صاحب بھی اور Water and Power کے راجہ پرویز اشرف صاحب بھی موجود ہیں۔.We will like to hear their comments کیونکہ بڑے heated points of order آئے ہیں۔

چوہدری احمد مختار: میں نے بات کی تھی---

جناب چیئرمین: اب points of order کو repeat نہیں کریں گے۔

چوہدری احمد مختار: میں نے چیف منسڑ بلوچستان سے بات کی تھی and I have told him کہ میںMD, PIA کو آپ کے پاس بھیجتا ہوں۔ جتنے بھی

بلوچستان کے مسائل ہیں آپ اس کے ساتھ بیٹھ کر بات کریں اور اس کو instructions دیں۔ اگر وہ آپ کی instructions کے مطابق نہ کرے تو پھر آپ اس کے اوپر کوئی action لے سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ بلوچستان کے جو ہمارے سینیٹرز ہیں ان کے ساتھ مل کر ان کو assurance دیں۔ جو ان کے grievances ہیں ان کو ختم کیا جائے۔ Next question Dr. Buledi. Bangash sahib please. Next question Buledi sahib, number پڑھ لیجیے۔ نمبر پڑھ لیجیے ڈاکٹر بلیدی صاحب۔

11. ***Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the category of hotels at which the PIA staff on domestic or international duty is entitled to stay in; and

(b) the expenditure incurred on stay of that staff in hotels during the last one year?

Ch. Ahmed Mukhtar: (a) The category of hotels at which, PIAC staff on international or domestic duty is entitled to stay in, is not specifically defined. However, they are entitled to draw TA/DA and HOTAC (Hotel Accommodation) as per rules mentioned at **Annex-A:**

(b) On stay of PIAC staff at Domestic/International hotels, the corporation incurred a total amount of 122.65 million *i.e.* PKR 22.60 million (Domestic) and PKR 100.05 million (international), on TA/ DA, during the year 2007 (January to December).

Annexure-A

Category/PG of Employee	HOTAC Domestic	HOTAC International
Chairman/MD	Actual	Actual
Director	Actual	Actual
General Manager (PG-X and Equivalent)	PIA Designated Hotel/Actual	PIA Designated Hotel/Actual
Dy. General Manager (PG-IX and Equivalent)	Rs. 3,500 per day	US$ 100 per day

Category/PG of Employee	HOTAC Domestic	HOTAC International
Manager/Assistant Manager (PG-VIII & VII)	Rs. 2,000 per day	A consolidated payment is given in lieu of HOTAC & DA as per Appendix "A".
Senior Officer/Officer (PG-VI & V)	Rs 1,500 per day	A consolidated payment is given in lieu of HOTAC & DA as per Appendix "A".
Staff (PG-I to IV)	Rs 800 per day	A consolidated payment is given in lieu of HOTAC & DA as per Appendix "A".

Mr. Chairman: Question No.11. Answer taken as read. Any supplementary?

Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Yes.

Mr. Chairman: Please.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: آپ نے احمد مختار صاحب سے کہا کہ ہمارے جتنے سینیٹرز بلوچستان سے belong کرتے ہیں ان کے ساتھ meeting کی جائے یہ اچھی بات ہے۔ میں اس کا خیر مقدم کرتا ہوں اور یہ ظلم کی بات ہے جناب چیئرمین! کہ پی آئی اے ہیڈ کوارٹر میں ۱۳ ڈائریکٹرز ہیں ان میں بلوچستان کا ایک

بھی نہیں ہے۔ ہمارے GM 45 ہیں ان میں بلوچستان کا ایک بھی نہیں ہے۔ گروپ ۹ میں ہمارے ۷ لوگ کم ہیں۔ جناب چیئرمین! ہمارے کوٹے سے ایک ہزار employeesکم ہیں۔ یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ اس کا آپ ازالہ کریں ورنہ federation میں کچھ بھی نہیں رہے گا۔ خدارا! آپ بلوچستان پر رحم کریں۔ بیٹھیں اور ٹیبل پر بات کریں۔ جو ہمارا حق بنتا ہے وہ ہمیں دیں۔

جناب چیئرمین: Question کر لیجیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: یہ question ہے، میں نے کہا تھا کہ پی آئی اے کا عملہ جو ہوٹلوں مٰیں رہتا ہے ایک سال کے دوران ان کے کتنے اخراجات آتے ہیں؟ انہوں نے جو اخراجات دیے ہیں۔

جناب چیئرمین: Supplementary کر لیجیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: Supplementary یہ ہے کہ جناب! انتہائی زیادہ پیسے ان کے ہوٹل پر خرچ ہوتے ہیں۔ اگر یہ وہاں سستے ہوٹلوں میں رہیں، لندن، امریکہ وغیرہ یا پاکستان میں پی سی ہوٹل کی بجائے کسی اور ہوٹل میں قیام کریں۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب! آپ سوال کر لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: سوال میرا یہ ہے کہ پی آئی اے پہلے سے ہی خسارے میں ہے۔ یہ جو افسروں کی عیاشیاں چل رہی ہیں ان کو کم کیا جائے۔

جناب چیئرمین: آپ سوال بھی کریں۔ آپ سوال کیجیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: سوال میرا یہ ہے کہ ان اخراجات کو کس طرح کم کیا جا سکتا ہے؟

Mr. Chairman: This is good. This is the question. Minister sahib.

Ch. Ahmed Mukhtar: We are trying our best

کہ اخراجات کو کم کیا جائے اور جہاں تک ہوٹل میں ٹھہرنے کا تعلق ہے تو جو agreementہمارا PC والوں کے ساتھ ہوا ہےPearl Continental والوں سے، وہ

تقریباً ساڑھے چار ہزار روپے کمرے پر ہوا ہے۔ آپ یہ دیکھ لیں کہ off the rack اگر آپ کمرہ لیتے ہیں تو وہ سولہ، اٹھارہ ہزار روپے پر کمرہ دیتے ہیں۔ پی آئی اے نے ان کے ساتھ کنٹریکٹ کیا ہے کہ اگر آپ نے ہمارے بندوں کو رکھنا ہے تو ہم چار، ساڑھے چار ہزار روپے سے زیادہ نہیں دیں گے۔ Inclusive of taxes ساڑھے چار ہزار روپے ہم ان کو دیتے ہیں۔ اسی طرح باہر کے ملکوں میں بھی کم سے کم ریٹ پر پی آئی اے کنٹریکٹ کرتی ہے۔ ہماری تو یہی کوشش ہے کہ جتنا سستا ہو سکے اس کو کیا جائے۔ جہاں تک میری traveling کا اور رہنے کا تعلق ہے میں تو کبھی بھی سرکار کے خرچے پر ہوٹل میں نہیں رہا۔I always stay with my friends یا میں کسی میس (mess) میں جا کر ٹھہرتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب کی کوشش ہونی چاہیے کہ اس خرچے کو کم کیا جائے۔

Mr. Chairman: Thank you. Semeen sahiba.

سینیٹر سیمیں صدیقی: میرا وزیر صاحب سے سوال یہ ہے کہ اخباری اطلاعات کے مطابق PIA Roosevelt Hotel کو فروخت کرنا چاہتی جب کہ آج کل market بالکل down ہیں اور میں ان سے یہ تصدیق کروانا چاہتی ہوں کہ کیا یہ خبر صحیح ہے ؟ اگر PIA یہ کرنا چاہتی ہے تو یہ ایک profitable ادارہ ہے اس کو کیوں وہ فروخت کرنا چاہتی ہے؟ یہ ایک اتنی prime جگہ پر ہے کہ ہم دوبارہ ایسی جگہ پر اسے purchase نہیں کر سکتے۔ ہمارا سوال یہ ہے کہ وہ کیوں فروخت کرنا چاہتی ہے؟ اس میں ہمارے کتنے percent shares Roosevelt Hotel میں ہیں؟

چوہدری احمدمختار : جناب! جہاں تک Roosevelt Hotel کا تعلق ہے I want to assure the House کہ جتنی بھی اخباروں میں اس کے متعلق بات چلتی ہے کہ اسے بیچنا چاہیے یا نہیں بیچنا چاہیے that is all their own concocted. The government has not decided to sell Roosevelt Hotel. یہ ہوٹل ہماری national heritage ہے اور ہم اس کو نہیں بیچیں گے۔ And we have 99 percent share in PIA

جناب چیئرمین: جی حاجی عدیل صاحب۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل : میں اگلے سوال میں کروں گا۔

جناب چیئرمین: جی بگٹی صاحب۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب ! گزارش یہ ہے کہ جواب میں یہ بات mention ہے کہ Chairman and MD کی جو entitlement ہے وہ actual لکھی ہوئی ہے ۔ آیا میں یہ assume کرنے میں درست ہوں کہ جو actual hotel bill ہو گا یہ وہ ہے اور اگر میں یہ assume کرنے میں صحیح ہوں تو کیا MD صاحب لندن دورے پر جاتے ہیں تو کیا وہ Dorchester میں ٹھہریں گے اور اگر بل لا کر دیں گے تو that would be reimbursed اور اگر وہ پیرس میں جا کر ٹھہرتے ہیں Four Seasons Hotel میں جس کا کرایہ کم ازکم 6 سے 7 سو ڈالر ہو گا۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ specific question کریں تاکہ ٹائم بچ جائے۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب ! میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ جو "actual" ہے آیا وہ اس پر دنیا کے کسی بھی seven star or six star hotel میں ٹھہر سکتا ہے ؟

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے سوال آ گیا ہے ۔ جی وزیر صاحب۔

چوہدری احمد مختار: وہ صرف اسی ہوٹل میں ٹھہر سکتا ہے جس میں اس کا عملہ ٹھہرتا ہے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال جی طلحہ محمود۔

15. ***Senator Muhammad Talha Mahmood Aryan:** Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the inland routes on which PIA is operating its flights indicating also the number of flights operating on each route weekly; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to increase the number of inland flights, if so, its details?

Ch. Ahmed Mukhtar: (a) The details of PIA flights being operated on domestic routes arc provided in Annexure-A.

(b) It is a regular exercise in PIA to consider increase in the capacity as well as frequencies on the sectors like Karachi – Lahore – Karachi, Karachi – Islamabad – Karachi, Karachi – Multan – Karachi and Islamabad –Lahore – Islamabad, based on the market conditions/ availability of aircraft.

<u>Annex-A</u>

Routes	*No. of Flights per week*
Karachi- Islamabad- Karachi	28
Karachi- Lahore- Karachi	21
Karachi- Peshawar- Karachi	07
Islamabad- Lahore- Islamabad	18
Islamabad- Skardu- Islamabad	07
Karachi- Multan- Karachi	19
Karachi- Faisalabad- Karachi	14
Karachi- Quetta- Karachi	07
Islamabad- Quetta- Islamabad	07
Lahore- Quetta- Lahore	07
Karachi- Sukkur- Lahore- Islamabad & back	03
Islamabad- Lahore- Multan and back	11
Karachi- Sialkot- Karachi	03
Islamabad- Gilgit- Islamabad	14
Islamabad- Chitral- Peshawar and back	07
Islamabad- Dera Ismail Khan- Peshawar and back	02
Lahore- Peshawar- Lahore	04
Islamabad- Lahore- Bahawalpur and back	04
Islamabad- Lahore- Dera Ghazi khan and back	02
Bahawalpur- Dera Ghazi khan- Bahawalpur	01
Islamabad- Lahore- Rahim Yar Khan and back	01
Islamabad- Lahore- Hyderabad/Nawab Shah and back	02
Hyderabad- Nawabshah- Hyderabad	01
Islamabad- Multan- Quetta and back	02
Islamabad- Multan- Islamabad	01
Karachi- Sukkur- Karachi	11
Karachi- Moen-Jo-Daro- Sukkur- Karachi	04
Karachi- Rahim Yar Khan- Lahore and back	06
Karachi- Rahim Yar Khan- Karachi	01
Karachi- Bahawalpur- Karachi	07
Karachi- Dera Ghazi Khan- Karachi	09
Karachi- Panjgur- Turbat- Karachi	03
Karachi- Turbat- Dalbandin- Turbat- Karachi	01
Karachi- Turbat- Panjgur- Quetta- Gawadar- Karachi	01
Karachi- Gawadar- Quetta- Turbat- Gawadar- Karachi	01
Karachi- Gawadar- Turbat- Quetta- Panjgur- Karachi	01
Karachi- Gawadar- Karachi	03

Mr. Chairman: Answer taken as read. Any supplementary question?

سینیٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب! پی آئی اے نے جو نئے routes
weekly دیے ہیں اس کے علاوہ اسلام آباد سے پشاور ، ڈیرہ اسماعیل خان اور

ژوب یہ ایک انتہائی موزوں route ہے اس ضمن میں وزیر صاحب نے ایک درخواست بھی recommend کی ہے اس پر یہ کب تک عمل کریں گے؟ میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ اسلام آبا د سے کوئٹہ اس کی flight is only one per day اگر یہ دو کر دی جائیں کیوں کہ یہ لوگوں کی ضرورت ہے ، اس کے لیے وزیر صاحب کیا فرمائیں گے؟

جناب چیئرمین: مندوخیل آپ بھی سوال کر لیں تاکہ ایک consolidated reply آ جائے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب! اسلام آباد، پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، ڈیرہ اسماعیل خان سے ژوب ، کوئٹہ اور ژوب ملتان یہ ایک بہترین route تھا اور کافی passengersتھے اور آج بھی ہیں لیکن انہوں نے یہ route بند کر دیا ہے جس سے کافی لوگوں کو تکلیف کا سامنا ہے۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

چوہدری احمد مختار: جناب چیئرمین صاحب! جہاں تک flight increase کرنے کا تعلق ہے we don't have the aircrafts to increase the flights اس لیے ہم نئے routes کھول نہیں سکتے۔ جتنے پرانے routes ہیں ہم ان کو دیکھتے ہیں اگر وہ viable نہیں ہیں تو ان کو بند کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں کیونکہ PIA travel کو subsidize نہیں کر سکتی۔ اگر Government of Pakistan unviable routes کو subsidize کرنا چاہتی ہے تو ضرور کرے لیکن PIA will not subsidize these flights.

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جناب! مندوخیل صاحب نے جو کچھ کہا ہے میں ان سے اتفاق کرتا ہوں لیکن capital of Punjab and capital of Pukhtoonkhwah اس میں صرف 4 flights ہیں اور پشاور سے اسلام آباد کوئی direct flight نہیں ہے ۔ جناب! یہ پہلے ہوا کرتی تھی ۔ میں بار بار اس کے متعلق کہہ کر تھک گیا ہوں ۔ وزیر صاحب کبھی پشاور airport پر تشریف لائیں اور دیکھ لیں کہ وہاں مسافروں کو receive کرنے والوں کا جو حشر ہوتا ہے وہ میرے خیال میں پاکستان کے کسی

airport پر نہیں ہوتا ہے، بیٹھنے کے لیے سیٹیں نہیں ہیں ، ان کو صرف سڑک پر کھڑا کر دیا جاتا ہے ۔ میں وزیر صاحب سے کہوں گا کہ وہ پشاور تشریف لائیں میں انہیں ایک عام گاڑی میں وہاں لے جاؤں گا ۔ جناب ! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پشاور، اسلام آباد اور پشاور لاہور کی flights کم از کم 7 ہونی چاہییں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب! یہاں کی نسبت لاہور سے زیادہ International Flights جاتی ہیں۔

سینیٹر ابراہیم خان مندوخیل: جناب ! جس اسٹیشن کا میں ذکر کر رہا ہوں کہ ڈیرہ اسماعیل خان سے ژوب اور ژوب سے کوئٹہ اور پھر ملتان اس کے لیے ایک کمیٹی بنائی جائے اور اس کو check کرایا جائے ۔

جناب چیئرمین: وزیر صاحب! اس کو ذرا آپ check کریں۔

چوہدری احمد مختار: اگر وہ viable ہے تو ضرور check کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین: جی لغاری صاحب۔

(اس موقع پر اذان کی آواز سنائی دی)

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری: اسی اذان کی قسم کھاکر جو بات ابھی کرنے والا ہوں کہ Chief Minister Sindh کی جو دختر ہیں میں ان کا احترام کرتا ہوں اور وزیر اعلیٰ کا بھی کرتا ہوں، ان کا نام ڈاکٹر نگہت شاہ ہے ، وہ پی آئی اے میں ڈاکٹر تھیں، وہ کسی وجہ سے پی آئی اے سے چلی گئی تھیں ۔ میرا سوال یہ ہے کہ حال ہی میں اس کو رکھا گیا اور چالیس لاکھ روپے ان کو arrears کے طور پر دیے گئے اور جیسے ہی انہوں نے یہ payment وصول کی وہ پی آئی اے چھوڑ کر چلی گئیں ۔ دوسری بات یہ ہے کہ جناب حنیف پٹھان یہ promotion چاہتے تھے لیکن 1999 میں انہیں promotion نہیں دی گئی ۔ ان کو ابھی immediately اٹھا کر Director Administration لگا دیا گیا ہے اور ساٹھ لاکھ روپے ان کو promotion benefits کے ساتھ دیئے گئے ہیں ۔ ایک طرف ہم ہمیشہ رو تے ر

ہتے ہیں کہ پی آئی اے کے پاس پیسے نہیں ہیں، میرا question یہ ہے کہ یہ ہو کیا رہا ہے؟

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

Ch. Ahmed Mukhtar: Mr. Chairman, I am not aware of it. We will look into it and provide them the information.

Mr. Chairman: It's a new question, ok, thank you.

رحمٰن ملک صاحب! سردار لغاری صاحب نے point of order پر کافی بات کی ہے، آپ ذرا تھوڑا سا clarify کر دیں پھر راجہ پرویز اشرف صاحب تین چار منٹ کے اندر بات کریں گے، we will cover up these two burning issues. جی ملک صاحب، please. زاہد صاحب! ابھی time نہیں ہے، جمعہ کی نماز بھی پڑھنی ہے اور یہ دو منسٹرز موجود ہیں، ان کے answers آ جائیں تا کہ پتا چل جائے کہ کیا پوزیشن ہے۔ جی بسم اللہ۔

سینیٹر اے رحمٰن ملک: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ لغاری صاحب نے جن جذبات کا اظہار کیا ہے I fully respect. جناب! بلوچستان کے issue کو میں یہاں House میں چار یا پانچ منٹ کے اندر رکھنے سے قاصر ہوں کیونکہ بہت سی details ہیں۔

جناب چیئرمین: ملک صاحب! We are short of time, please within three to four minutes ابھی آپ کو اور بھی موقع ملے گا، we are going to keep it ابھی تھوڑا سا جواب دے دیجیے، تین چار منٹ میں کیونکہ راجہ پرویز اشرف صاحب نے بھی جواب دینا ہے۔

سینیٹر اے رحمٰن ملک: جناب! یہ ایک حقیقت ہے کہ بلوچستان کو جو حقوق ملنے چاہیں تھے، وہ نہیں ملے اور وہاں distress ہے اور رہے گا جب تک ہم ان کا فیصلہ نہیں کریں گے اور ان کے حقوق نہیں دیے جاتے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ بگٹی صاحب شہید کیے گئے۔ ان کی اولاد کے دل میں رنج ہے۔ ان کے دل میں اور بھی بہت سے شکوک ہیں اور present Government کوشش یہ کر رہی ہے

consensus کے ساتھ کہ ساری leadership کے ساتھ بات چیت کی جائے، اس میں خواہ مینگل صاحب ہوں، مری صاحب ہوں یا بگٹی کے دوسرے tribes ہوں، ہم ہر ایک کے ساتھ بات کر رہے ہیں۔ جہاں تک لغاری صاحب کی بات کا تعلق ہے جو انہوں نے 'ہربیار' کے بارے میں کہی ہے کہ انہوں نے ایک statement دی ہے، UK ایک ایسا ملک ہے کہ جہاں freedom of expression ہے۔ ٹھیک ہے، ان کا انٹرویو تو ہمارے ایک پاکستانی دوست نے لیا اور جب وہ انٹرویو نشر ہوا تھا، اسی وقت In PEMRA this matter was taken up and action shall be taken. باقی رہی بات جو اس وقت حالات ہیں، آپ کو پتا ہے parliamentarians کی جو کمیٹی ہے security کی، انہوں نے 14 points recommend کیے ہیں اور all 14 points are going to be implemented. Let me assure you another thing کہ جس طرح پرائم منسٹر صاحب نے جرأت کے ساتھ اپنے counterpart کے ساتھ وہ matter لیا، وہ قابلِ ستائش ہے اور یہ نہ بھولیں، آپ بھی حکومت میں تھے، یہ مسئلہ صرف دو یار چار روز کا نہیں ہے، یہ مسئلہ سالہاسال سے آ رہا ہے۔ یہ پہلی دفعہ ہوا ہے کہ آپ کی حکومت نے وہ matter انڈیا کو direct کہا ہے کہ intervene کر رہے ہیں۔ میری meeting صدر کرزئی صاحب کے ساتھ ہوئی تھی just four days back, I went under the instructions of President and Prime Minister of Pakistan. اس میں بڑی کھل کر ہم نے ان کو چیزیں بتائیں کہ افغانستان میں اس وقت training camps موجود ہیں، وہاں سے interference ہو رہی ہے۔ ہمارے بلوچی نوجوانوں کو train کیا جا رہا ہے۔ پوری کی پوری تفصیل بتائی اور یہ پہلی دفعہ ہوا ہے کہ on record انہوں نے کہا ہے کہ ہم یہ terrorist camps بند کریں گے۔ آپ کو یہ بھی پتا ہے کہ ہماری biometric check posts were not allowed by the Afghanistan Government. This time, President Karzai and his Interior Minister has given full fledged commitment in the presence of their Security Advisor کہ اگست کے پہلے ہفتے میں ہماری تینوں biometric check posts will be in place and Interior Minister of Afghanistan will visit certain check posts, I will also be there and we will together inaugurate.

جناب! جہاں تک تعلق ہے وہاں کے حالات کا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ بلوچستان کے حالات خراب تھے، اب بہتر ہو رہے ہیں، بہتر کریں گے، قوم کو مایوس نہیں ہونا چاہیے کیونکہ جو معاملات وہاں تھے، میرے جو دوست سینیٹرز ہیں بلوچستان سے ان سے ہماری ہمیشہ بات چیت ہوتی رہتی ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جو situation اس وقت create ہو چکی ہے، اس کا پہلا حل اور پہلا راستہ یہ ہے کہ ہم لوگوں سے مل کر، ان politicians کو، ان civil society کے لوگوں کو، دوستوں کو convince کریں کہ آئیں، پاکستان کے Constitution کی حدود میں رہ کر بات کریں۔ ہاں، ان کے ساتھ بات نہیں ہو سکتی جو آزادی کی بات کرتے ہیں۔ پاکستان بنا ہے رہنے کے لیے، اس کے کسی بھی بازو کو علیٰحدہ ہونے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ بلوچستان ہمارا پیارا دوست بھی ہے، ساتھی بھی ہے اور وہ ہمارے وسائل کا ایک بڑا منبع ہے، ہم اس کو پیچھے جانے نہیں دے سکتے لیکن بات ہے consensus پیدا کرنے کی۔ اس میں میرا خیال ہے پورے ہاؤس سے، جتنے بھی ہمارے سینیٹرز ہیں، ایم این ایز ہیں اور جو کوئی بھی آگے آ سکتا ہے consensus لانے کے لیے، بہت اچھا ہوگا۔ آپ نے دیکھا کہ بگٹی قبیلے کا علاقہ اب relatively بہتر ہے۔ ان کے ایک grandson آئے تھے، مجھے کچھ شکایتیں ملیں تو I took up the matter with the local administration that stands ceased. بات یہ ہے کہ مسائل آتے رہیں گے اور مسائل کو حل ہم نے کرنا ہے۔ میں assure کراتا ہوں House کو کہ جس طریقے سے ہم off the record اور back channel سے بات کر رہے ہیں، مجھے اللہ کے گھر سے بڑی امید ہے کہ انشاءاللہ یہ معاملہ حل ہوگا، اس لیے اس کو زیادہ اٹھانے کی بجائے، agitate کرنے کی بجائے، وہ جو روٹھے ہوئے ہمارے دوست ہیں، ان کے مسائل ہیں، ان کے گلے ہیں، ہم نے وہ گلے دور کرنے ہیں اور پوری قوم مل کر ان گلوں کو دور کرے گی انشاء اللہ اور میں آپ کو assure کرتا ہوں کہ اگلے دو چار ہفتوں میں ہوسکتا ہے کہ میں آپ کو کوئی بہتر خوش خبری دے سکوں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: راجہ پرویز صاحب۔

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی: جناب چیئرمین! میرا چھوٹا سا سوال ہے۔

جناب چیئرمین: چلیں، چھوٹا ہے تو کر دیجیے۔

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی: جناب! میں honourable Minister کی بہت عزت کرتی ہوں اور ان کی پریشانی اور position کے لحاظ سے میں سمجھتی ہوں کہ یہ بڑی difficult situation میں ہیں لیکن ایک بات بہت گردش کر رہی ہے عوام میں بھی اور میڈیا میں بھی کہ یہ ابراج کمپنی آخر ہے کس کی۔ اس میں تو لوگ ایک بہت اعلیٰ ترین قیادت کا نام لے رہے ہیں۔ میں یہاں کہوں گی کہ صدرِ پاکستان کا نام لیا جا رہا ہے، یہ ان کی کمپنی ہے، اسی لیے اس سے کسی قسم کی کوئی پوچھ نہیں کی جا سکتی۔ میں وضاحت چاہوں گی کہ کیا یہ بات صحیح ہے یا غلط ؟ یہ بات میڈیا میں آنی چاہیے کہ ان کا کوئی تعلق ہے یا نہیں اور اگر shares ہیں تو کتنے per cent ہیں؟

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ سیمیں صاحبہ! بیٹھ جائیے۔ نمبر 1 آپ کا جو point of order ہے، .this is not proper میں آپ کو rule پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔

Rule 216:

(6) A point of order is not a point of privilege.

(7) Member shall not raise a point of order to ask for information.

Ok. I have given the ruling, you cannot ask for information under the rules.

جی راجہ صاحب! آپ بات کیجیے۔

راجہ پرویز اشرف (وفاقی وزیر برائے پانی و بجلی): جناب چیئرمین! آپ نے محترمہ سینیٹر صاحبہ کے point of order کو قواعد و ضوابط کے خلاف قرار دے دیا لیکن اس کے باوجود آپ کی اجازت سے میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ ہم جب بھی کوئی الزام لگائیں، کسی پر بھی کوئی الزام لگائیں تو ایک ثبوت کے

ساتھ، تحقیق کے ساتھ، اگر کسی کے پاس کوئی ثبوت ہو تو، ورنہ کہنے کو تو یہاں مائیک پر کھڑے ہو کر جس جس کا آپ نام لیتے ہیں، اس پر جتنے الزام کہتے ہیں ان کی میں بوچھاڑ کر سکتا ہوں لیکن یہ کسی بھی طرح، کسی بھی اخلاقیات کے دائرے میں نہیں آتا۔

میں جناب کو یہ گزارش کرنا چاہ رہا تھا کہ یہاں پر دو سوال اٹھائے گئے۔ ایک سوال میرے نہایت ہی honourable دوست اور سینیٹر جناب طارق عظیم صاحب کی طرف سے آیا اور ان کا فرمانا یہ تھا کہ ان کی حکومت کے بارے میں، جو سابقہ حکومت تھی، یہ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے پچھلے نو سال میں کوئی generation نہیں کی اور جس کی وجہ سے یہ بجلی کا بحران پیدا ہوا، demand and supply کا gap آگیا اور ان کا اشارہ شاید میری طرف تھا او رمیں یہ قبول کرتا ہوں کہ میں نے ہمیشہ یہ کہا ہے کہ ہر چیز کی کوئی reason ہوتی ہے۔ اگر کوئی چیز وقوع پذیر ہوتی ہے تو اس کی کوئی بنیادی وجہ ہوتی ہے۔ اگر بجلی ملک میں نہیں ہے تو اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ملک میں بجلی کی demand and supply کا فرق ہے۔ جو generation ہمارے پاس ہونی چاہیے تھی، وہ آج ہمارے پاس نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! چونکہ یہ سوال میں اکثر سنتا ہوں، میں honourable Senators کو بھی دیکھتا ہوں، اپوزیشن کا یہ حق ہے کہ ہم پر تنقید کریں اور میں بخوشی اسے قبول بھی کروں گا، اکثر television talks میں بھی یہ کہا جاتا ہے کہ جناب، بجلی تو ہے لیکن mismanage ہو رہی ہے۔ بجلی تو ہے لیکن circular debt ہے، بجلی تو ہے لیکن ان کے پاس supplies نہیں ہیں، ان کا logistic نہیں ہے۔ تو میں آج آپ کی اجازت سے پوری ذمہ داری کے ساتھ یہاں پر ایک بیان دینا چاہتا ہوں تاکہ اس misperception کا خاتمہ ہو۔ اگر اس کے باوجود کسی کو اعتراض ہو، اس کے پاس کوئی argument ہو، کوئی ثبوت ہو، اس کی نفی کر سکے تو میں بڑی خوشی کے ساتھ اس august forum پر بھی اور ہر TV Channel پر بھی اس کے ساتھ ثبوت کے ساتھ بات کرنے کے لیے تیار ہوں۔

جناب چیئرمین! حقیقت یہ ہے کہ بجلی کا پہلا بحران 94-1993 میں پیدا ہوا تھا، جب ملک میں یکدم demand and supply میں gapپیدا ہوگیا اور اس وقت بھی

میں خوش قسمتی کہوں گا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت تھی۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے اس بحران کا مقابلہ کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر planning کی اور Private Power Infrastructure Board کے ذریعے private investment ملک میں لائی گئی۔ اس طرح کوئی ساڑھے پانچ ہزار میگا واٹ IPPs کے ذریعے بندوبست کیا۔ جناب والا! ان IPPs نے 1999 سے لے کر 2000-01 کی اکائی میں generation شروع کی۔ اس وقت بھی جس طرح آج میں یہ سنتا ہوں بہت طرف سے یہ بات ہوتی ہے، میں کہتا ہوں کہ بالکل اگر کسی کے پاس ثبوت ہے تو اس کا یہ حق ہے کہ وہ ہم پر تنقید کرے، اگر ہم کوئی غلطی کر رہے ہیں تو ہم اس کی اصلاح کرلیں لیکن جناب والا! جس وقت وہ معاملہ اٹھا تو اس پورے power sectorکو سیاست کی نظر کر دیا گیا۔ لوگوں کو یہ باور کرایا گیا کہ جناب! یہ تو ذاتی مفاد کی خاطر power stations لگ رہے ہیں، اس میں سے تو commission لیا جا رہا ہے۔ حتیٰ کہ اس ساریinvestment کو جو international investors پاکستان میں لے کر آ رہے تھے اس کو sabotage کیا گیا لیکن الحمدللہ اس کے باوجود ان IPPs سے 5500 MW بجلی حاصل ہوئی۔ ان کے owners کو بھی جیلوں میں ڈالا گیا، ان کے خلاف propaganda کیا گیا اور اس پر سیاست چمکانے کی کوشش کی گئی۔ اس پر یہ ہوا کہ جب دوبارہ 2001 آیا تو وہاں تک تو وہ چلتا رہا، 2004 ,2003 ,2002 بھی وہی 5500 MW ضرورت پوری کر رہے تھے جبکہ بجلی کی demand بڑھتی جا رہی تھی۔ جب 2005 آیا تو پہلی مرتبہ ملک میں لوڈشیڈنگ ہوئی جو کہ بہت کم تھی لیکن جب 2006 آیا تو لوڈشیڈنگ بہت زیادہ بڑھ گئی۔ 2007 میں بجلی کا بحران آ گیا، یہاں پر سب کو پتا ہے ،میں بھی الیکشن لڑ کر آیا ہوں، آپ لوگ بھی دیکھ رہے تھے کہ even during election 18, 18, 20, 20 hours کی لوڈشیڈنگ ہوتی تھی۔ میں یہ بڑی ذمہ داری سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر PML(Q) الیکشن ہاری ہے تو اور بہت سی وجوہات کے علاوہ یہ بھی ایک major contributing factor تھا کہ ان کے پاس بجلی نہیں تھی۔

جناب والا! اب میں یہ عرض کرنے جا رہا ہوں کہ جو پالیسی1994 میں شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے شروع کی تھی، اس کو جب sabotage کر دیا گیا،

اس sector میں investment بند کر دی گئی، اس کی upgradation ختم کر دی گئی اور پھر نو سال، مجھے شاید یہ نہیں کہنا چاہیے کہ جس system کو نو سالوں کی پوری کوشش کے بعدآپ نے تباہ کیا ، اب آپ ہمیں کہتے ہیں کہ ڈیڑھ سال میں اس کو ٹھیک کر کے دو، ہم نے تو یہ challenge بھی قبول کیا ہے۔ جناب والا! انہوں نے یہ فرمایا--cross talk نہ کریں میں بھی آپ کی باتیں سنوں گا آپ جس طرح بھی کہیں۔ جناب نے یہ فرمایا کہ دیکھیں کہ ہم نے تو generation کی تھی، میں نے کہا کہ اگر آپ نے generation کی تھی، اگر آپ نے بجلی گھر بنائے تھے، اگر آپ system میں بجلی لے کر آئے تھے تو پھر آپ مجھے یہ بتا ئیں کہ 2006, 2007, 2008 میں لوڈشیڈنگ کیوں ہوئی؟

جناب چیئرمین! وہ میرے دوست ہیں، میں نے ان سے کہا کہ کیا آپ مجھے list دے سکتے ہیں کہ اتنے میگا واٹ آپ نے system میں شامل کیے، میں نے کہا ہاں آپ کے جو بجلی کے وزیر تھے انہوں نے ایک دن floor of the House قومی اسمبلی میں کھڑے ہو کر کہا کہ ہم نے غازی بروتھا بنایا۔ غازی بروتھا کس کا منصوبہ تھا؟ کس نے شروع کیا؟ میں اس تفصیل میں نہیں جانا چاہتا ہوں لیکن اگر آپ نے تنقید برائے تنقید کرنی ہے تو مجھے تنقید برداشت ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ہر طرف سے جو بوچھاڑ ہو وہ جائز ہو، میں اس سے اپنی اصلاح کر سکتا ہوں، میری حکومت کر سکتی ہے لیکن خدا کے لیے جب آپ کہتے ہیں کہ یہ لوڈشیڈنگ ہماری وجہ سے ہے تو یہ ایک مضحکہ خیز بات ہے، آپ اپنے ساتھ بھی مذاق کر رہے ہیں، ہمارے ساتھ بھی مذاق کر رہے ہیں، آپ جنرل مشرف کے ساتھ بھی مذاق کر رہے ہیں، آپ شوکت عزیز کے ساتھ بھی مذاق کر رہے ہیں، یہ نہ کریں۔ حقیقت جو بھی ہے وہ بیان کریں، ہم اسے face کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ہم میں اتنی اخلاقی جرأت ہے کہ جہاں ہماری غلطی ہو گی ہم کھڑے ہو کر یہ کہیں گے کہ ہاں! یہ ہماری غلطی ہے۔ ہم اس کی سزا بھگتنے کے لیے بھی تیار ہیں لیکن یہ کیا تماشا ہے اور میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کم از کم جس وقت آپ پاکستان کے عوام کو کسی forum پر کھڑے ہو کر کوئی information دے رہے ہوں تو خدا کے لیے میں کہتا ہوں کہ یہ عام آدمی کا حق ہے لیکن ممبر پارلیمنٹ کا

زیادہ اخلاقی حق بنتا ہے کہ وہ حقیقت پر مبنی بات پاکستان کے لوگوں تک پہنچائے۔

جناب چیئرمین! انہوں نے circular debt کی بات کی۔ آج میں آپ سے اور پورے ایوان سے یہ بات share کرنے جا رہا ہوں، جناب والا! 190 billion یہ اس وقت چھوڑ کر گئے یا جان بوجھ کر چھوڑ کر گئے۔ ہمیں کہا جاتا تھا کہ ہمارے پاس اتنے billion dollar State Bank میں موجود ہیں اور PEPCO کو یہ کہا گیا کہ جاؤ جا کر بنکوں سے قرضہ لو۔ 35 billion سالانہ markup ادا کرنے کے لیے PEPCO کو چھوڑ دیا گیا اور اس کو ایک Financial crunch میں مبتلا کر دیا گیا۔ اس ادارے کو تباہ و برباد کر دیا گیا۔ 190 billion ہم نے بجلی کمپنیوں کے دینے ہیں، انہوں نے آگے تیل و گیس کمپنیوں کے دینے ہیں اور انہوں نے آگے refinery کو دینے تھے، چار سو ارب روپے کا یہ circular debt تھا جس نے پورے sector کو جکڑ کر رکھ دیا، جس نے اس کو تباہ و برباد کر دیا۔ اگر ایسا نہیں تھا تو الیکشن میں جب کوئی پارٹی جاتی ہے تو اس کا اس وقت سب سے بڑا مقصد یہ ہوتا ہے کہ کوئی ایسی بات نہ ہو جس سے عوام ان کے خلاف ہو جائیں۔جب آپ الیکشن کے لیے جا رہے تھے تو اس وقت جب آپ بجلی نہ دے سکے، کیا وہ ہماری غلطی تھی؟ کیا وہ ہماری وجہ سے circular debt تھا؟ کیا ہماری وجہ سے بجلی کا وہ short fall تھا؟ خدا کے لیے انصاف کریں۔ جناب والا! ہمارے سامنے کیا راستے تھے؟ ایک طرف تو circular debt کا پہاڑ تھا، دوسری طرف PEPCO اربوں روپوں کا مقروض تھا، اس کی viability ختم کر کے رکھ دی گئی اور اس پر generation کا 3500 MW demand and supply کا gap تھا۔ ہم کیا کرتے؟ ہم آپ پر دشنام نہیں دیتے ہیں، ہم 31 March کو حکومت میں آئے ہیں تو ہم نے کہا کہ ٹھیک ہے ہم اس کا مقابلہ کریں گے۔ ہمارے سامنے کیا راستے تھے؟ کیا ہم ملک میں بجلی پیدا کیے بغیر اس gap کا مقابلہ کر سکتے ہیں؟ کیا ہم نئے plants شروع کیے بغیر اس کا مقابلہ کر سکتے ہیں؟ اگر ہم hydro کی طرف جاتے ہیں تو ہمیں آٹھ سال چاہییں، اگر ہم coal کی طرف جاتے ہیں تو ہمیں چھ سال چاہییں، اگر renewable energy کی طرف جاتے ہیں تو اس کے لیے بہت heavy investment اور چار سال کا وقت چاہیے۔ ہم

کیا کرتے؟ ہمیں thermal کی طرف جانا تھا، ہمیں rental لے کر آنے تھے، ہم نے IPPs پر base کرنا تھا۔ آج کوئی بھی wise-man of the country کھڑا ہو کر یہ کہہ دے کہ کیا راستہ تھا جو ہم نے اختیار نہیں کیا؟ کیا ہم نے بحالت مجبوری یہ stop gap arrangementنہیں کیا کہ تین سالوں سے لے کر پانچ سالوں تک ہم اپنا یہ stop gap arrangement کر لیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس بجلی نہیں ہے، ہماری industry کے پاس بجلی نہیں ہے، ہماری industrial growth پر adverse affect ہو رہا ہے، ہمارے agricultural sector پر ہو رہا ہے۔ اس وقت ہم کیا کرتے؟ میں دیکھتا ہوں کہ جس کو power sector کا علم ہی نہیں ہے وہ a,b,c بھی نہیں جانتا وہ ٹی وی میں بیٹھ کر sermon دے رہا ہوتا ہے کہ ایسے کر دیا جائے، ویسے کر دیا جائے۔ جناب والا! میں آپ کو یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ملک میں لوڈشیڈنگ ہے، ہم نے ایک schedule بھی دیا ہوا ہے، وہ schedule کبھی کبھی disturb بھی ہو جاتا ہے۔ میں آج آپ سے اس august House میں یہ share کرنا چاہ رہا ہوں کہ وہ schedule جس وقت disturb ہوتا ہے تو اس کے پیچھے بھی ایک بات ہوتی ہے۔ 23-06-2009 سے لے کر 23-07-2009 تک اس ایک مہینے میں آپ کو صرف یہ بتاؤں گا کہ ہمارے سامنے کون سے unavoidable معاملات ہوئے، 220 KV Sheikh Muhamadi Daud Khel sabotage ہوا اس کے pylon کو اڑا دیا گیا۔ 500 KV Multan Yousafwala near Khanewal کو wind storm and tornado نے hit کیا۔ 220 KV Sibi Quetta Industrial کو sabotage کر دیا گیا۔ Tarbella Sheikh Muhammadi Peshawar sabotage کر دیا گیا۔ 500 KV Tarbella Ghazi Barotha Line one near Attock sabotage کر دیا گیا۔ 500 KV Tarbella Sheikh Muhammadi Peshawar near Mardan کو wind storm نے تباہ کر دیا۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی جان بوجھ کر غیراعلانیہ load shedding نہیں کرتا لیکن ایسے unavoidable حالات جب آئے، آپ کو اس وقت پتا ہے کہ اس وقت ملک میں کیا ماحول ہے اور آپ ہم سب کس ماحول میں زندہ ہیں۔ جب ایک pylon اڑتا ہے تو میں آج آپ کو share کرتاہوں کہ میں خود PEPCO کو defend نہیں کرتا ، میں خود بھی بہت سختی کر رہا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کے بہت زیادہ fault ہوں گے لیکن ان بچوں

کو جب ہم بھیجتے ہیں کہ جاؤ فوری طور پر repair کرکے آؤ ، آگے mines لگی ہوتی ہیں ان کے پرخچے بھی اڑ جاتے ہیں لیکن اس کے باوجود ایک سسٹم کو چلانا ہے اور انشا اللہ تعالیٰ ہم چلا رہے ہیں۔

جناب والا! ہمارے ساتھ منگلا ڈیم کا ایک بہت بڑا حادثہ ہوا ہے۔ منگلا ڈیم چالیس سال پہلے بنا تھا اور آج میں آپ کے ساتھ share کر رہا ہوں کہ اس وقت کے designer نے کہا تھا aerial connection نہیں ہو سکتا یہاں پر سطح ایسی ہے کہ اس پر بڑے pylon نہیں لگ سکتے یہاں سے بجلی evacuate نہیں ہو سکتی لہٰذا ایک tunnel بنائی جائے وہ tunnel بنائی گئی۔Tunnel کو آگ لگ گئی اس کی باقاعدہ تحقیق ہورہی ہے تاکہ اس کی رپورٹ سامنے آئے۔ میں نے جا کر وہاں تمام senior لوگوں کو suspend کیا اور ابھی وہ تفتیش بھگت رہے ہیں لیکن میں آپ کو یہ چیز بتا رہا ہوں کہ چالیس سال پہلے جس جگہ کو designer نے ناقابل عمل بنایا کہ یہاں پر ہم line نہیں لگا سکتے، ہمارے لوگوں نے جو دو سال کا کام تھا خدا کےتعالیٰ فضل و کرم سے چند ہفتوں میں کیاہم نے خود ساری ساری رات کھڑے ہوکر کیا اور یہ لوگوں کا ایک ناقابل یقین کارنامہ ہےکہ ہم نے وہاں 400 mega watt retrieveکیا۔ جناب والا! جب کوئی اچھا کام کرے اس کو ضرور appreciate کیا جائے۔ ٹھیک ہےہم بھی اپوزیشن میں رہے ہیں ہم بھی غلطیاں کرتے تھے کبھی بہت زیادہ حملہ کر دیتے تھے لیکن جب کوئی بات ٹھیک ہوتی تھی تو اس کا ساتھ بھی دیتے تھے۔

جناب والا! اب سوال یہ پیداہوتا ہے کہ 31st December, 2009 کا میں نے پروگرام دیا ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ ہمارے کرم فرما یہاں بیٹھ کر کہتے ہیں کہ یہ نہیں ہوگا، یہ نہیں ہو سکتا۔ تو ہم نے تمام projects کے sponsors کو کل بلایا اور ان کو کہا کہ آپ بیٹھ کراپنے ایک ایک پروجیکٹ کے متعلق بتائیں کہ کیا اکتیس دسمبر سے پہلے یہ پروگرام مکمل کر دیں گے تو سب نے یقین دلایا اورہم نے اس کو counter check کرنے کے بعدیہ بات کی ہے کیونکہ میں ایک ذمہ دارآدمی ہوں اور ایک سیاسی کارکن ہوں، گلی محلے کی سیاست کرکے یہاں تک پہنچا ہوں مجھے اندازہ ہےکہ میں کیا کہہ رہا ہوں۔ میں اس کی ذمہ داری بھی قبول کروں گا

لیکن خدا کے لیے اتنا ضرور سوچیے کہ مشکل ترین حالات ہیں یہ ایک قومی مسئلہ ہےاس پر اگر ہم ایک دوسرے کو چرکے لگانے لگیں تو یہ ٹھیک نہیں ہے، اب ہوتا کیا ہے کہ میں کہتا ہوں کہ project sponsors آئیں اور ان کو بھی آ کر بتائیں تو اب یہ اکتیس دسمبر کی بات نہیں کرتے ، اب کہتے ہیں کہ مہنگی بجلی خرید رہے ہیں۔ یہ transparent نہیں ہے تو جناب چئیرمین! میں آپ کی وساطت سےاس پورے ایوان کوجو ملک کا سب سے بڑا ایوان ہے ،اس کو بتانا چاہتا ہوں کہ انہوں نے جو projects شروع کیے تھے وہ unsolicited تھے۔ انہوں نے لوگوں کو بلا کر کہا کہ projects لے لو، ہم نے international competitive bidding کی اور اس کے بعد وہاں پر میڈیا موجود تھا، وہاں bidders موجود تھے ان کے سامنے bids کھولی گئیں اور ان کو NEPRA میں بھیجا گیا کہ جاؤ اپنا tariff لے کر آؤ۔ ہم نے اس کو صاف شفاف بنایا، ساری دنیا میں economic meltdown ہے، ساری دنیا میں معاشی بحران ہے اس کے باوجود پاکستان میں چار بلین ڈالر کی investment آئی ہےتو کیا یہ کوئی معمولی بات ہے۔ یہاں کہا جاتا ہے کہ ہم بینکوں کو force کر رہے ہیں کہ ان کو advance دو ۔ جناب والا! پہلے سمجھنے کی تو کوشش کریں، پہلے جا کر وہ agreement تو دیکھیں، وہ concept تو دیکھیں یاپھرکوئی ایسا راستہ بتائیں ۔ جب آپ سے contract میں SPLC مانگی جاتی ہے تو SPLC لینے کے لیے آپ کوپتا ہےبینکوں کا ایک سسٹم ہے وہ ایک پوری amount کا ہوتاہے۔ تو میں اپنی تقریر کو مختصر کرتے ہوئے کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہم مشکل میں ہیں۔ میں نے یہیں اس ایوان میں کھڑے ہو کر کہا تھا کہ جولائی۔ اگست کے مہینوں میں حبس ہوتی ہے، گرمی ہوتی ہے تو صرف air conditioners کا پانچ ہزار میگاواٹ rise کرتا ہے۔ اب خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمارے حالات ٹھیک ہو رہے ہیں ہم نے سارا system in line کر لیا ہے، نئی generation آنی شروع ہوگئی ہے ۔ انشااللہ تعالیٰ اگلے مہینے چھ سو میگا واٹ آئے گا اور اسی طرح ستمبر، اکتوبر، نومبر ، دسمبر تک ہمیں 3000 سے 3500 mega watt مل جائے گی اور یہ لوڈ شیڈنگ ختم ہو جائے گی۔ آپ کم از کم اتنا تو انتظار کریں اگر دسمبر کے بعد لوڈ شیڈنگ ہوئی تو you can sprang on me. You can do whatever you like. اس وقت آپ جتنی

الزام تراشی کریں میں قبول کروں گا اور آپ کے سامنے تسلیم خم کروں گا لیکن آج تو ایسی کوئی بات نہ کریں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. The House stands adjourned.

(Interruption)

Mr. Chairman: Under the rules, there shall be no discussion on a point of order. The House stands adjourned to meet again on Monday the 27th July, 2009. Thank you.

(The House was then adjourned to meet again on 27th July 2009 at 5.p.m.).